آڈٹ بیورو آف سرکولیشن ABC CERTIFIED باقاعدہ تصدیق شدہ اشاعت

MEMBER OF APNS & CPNE

روزنامہ شال کوئٹہ

Daily SHAL Quetta

www.dailyshal.com

جلد نمبر 34 | بروز پیر 14 نومبر 2022ء بمطابق 19 ربیع الثانی 1444ھ | شمارہ نمبر 267

کوئٹہ مساجد باجماعت نماز کے اوقات

فجر	5:45
ظہر	1:45
عصر	5:00
مغرب	6:30
عشاء	07:30
اہل تشیع: فجر صبح	05:15
اہل تشیع: ظہرین	01:00
اہل تشیع: مغربین	7:00

سی پیک کی سست رفتاری پر کسی کو مورد الزام ٹھہرانا ٹھیک نہیں، چینی جنرل قونصل

اچھی خبر یہ ہے اصل رفتار سے بحال ہو گیا' نئے فیز میں چار نئے کوریڈورز ہیلتھ، آئی ٹی، انڈسٹریل اور گرین کوریڈورز کا اضافہ ہوا ہے، اصل اسٹیک ہولڈرز عوام ہیں' ژاؤ شیرین

چین کی 20ویں نیشنل کانگرس نے پوری دنیا میں امن اور ترقی کا پیغام دیا، پاک چین تعلقات پر بھی گہرے اثرات مرتب کئے' محمد مہدی

صدر شی اور وزیر اعظم شہباز شریف کی ملاقات نے پوری دنیا میں پیغام دیا پاکستان اور چین کے تعلقات کو کبھی آنچ نہیں آسکتی' نذیر حسین

لاہور (این این آئی) چین کے قونصل جنرل ژاؤ شیرین نے کہا ہے کہ چین پاکستانی حکومت کے ساتھ ساتھ اس کی عوام کو حقیقی اسٹیک ہولڈر سمجھتا ہے، سی پیک کی سست رفتاری پر کسی کو مورد الزام ٹھہرانا ٹھیک نہیں لیکن اچھی خبر یہ ہے کہ سی پیک اپنی اصل رفتار سے بحال ہو گیا ہے اور سی پیک کے نئے فیز میں چار نئے کوریڈورز کا اضافہ ہو گیا ہے جن میں ہیلتھ، آئی ٹی، انڈسٹریل اور گرین کوریڈورز شامل ہیں، چینی قیادت صرف حکومت نہیں بلکہ پاکستان کے ہر فرد اور سوسائٹی کے کے ساتھ مل کر چلنا چاہتی ہے کیونکہ سی پیک سے حاصل ہونے والے فوائد کے اصل حقدار عوام ہیں، 2023 پاک چائنہ تعلقات اور ہی

بقیہ نمبر 1 صفحہ 3 پر

لاہور: شائقین کرکٹ بڑی سکرین پر پاکستان اور انگلینڈ کے درمیان ٹی ٹوئنٹی ورلڈ کپ کا فائنل میچ دیکھ رہے ہیں

شعبہ زراعت کی بحالی اور کسانوں کی معاونت اولین ترجیح ہے

وزیر اعلیٰ بلوچستان

وزیر اعلیٰ بلوچستان میر عبدالقدوس کی قیادت میں صوبائی حکومت نے سیلاب سے متاثرہ اضلاع کے کسانوں کو بلا معاوضہ گندم کے بیجوں کی تقسیم کے پروگرام پر عملدرآمد کا آغاز کر دیا

2.2 ارب روپے کی لاگت سے کسانوں کو بلا معاوضہ گندم کے بیجوں کی فراہمی کا عمل جاری ہے ایک لاکھ سے زائد کسانوں کو گندم کے بیج فراہم کیئے جا رہے ہیں

پروگرام سے صوبے کے 34 اضلاع کے ایک لاکھ سے زائد کسان مستفید ہوں گے اس اقدام کا مقصد سیلاب کے بعد گندم کی قلت کے خدشہ کو ختم کرنا ہے صوبہ بھر میں ربیع کے سیزن میں 1.3 ملین ایکڑ رقبہ پر گندم کاشت کی جاتی ہے' میر عبدالقدوس بزنجو

کوئٹہ (ش ن + این این آئی) وزیر اعلیٰ بلوچستان میر عبدالقدوس کی قیادت میں صوبائی حکومت نے سیلاب سے متاثرہ اضلاع کے کسانوں کو بلا معاوضہ گندم کے بیجوں کی تقسیم کے پروگرام پر عملدرآمد کا آغاز کر دیا۔ تفصیلات کے مطابق صوبائی کابینہ کی منظوری کے بعد سیلاب سے متاثرہ اضلاع کے کسانوں کو بلا معاوضہ گندم کے بیج کی فراہمی کے پروگرام کے لئے 2.2 ارب روپے کا اجراء کر دیا گیا جس سے ٹینڈرنگ کے عمل کے ذریعہ گندم کے بیجوں کی 50 کلوگرام کی 3 لاکھ 81 ہزار بوریاں خریدی گئی پروگرام سے صوبے کے 34 اضلاع کے ایک لاکھ سے زائد کسان مستفید ہوں گے اس اقدام کا مقصد سیلاب کے بعد گندم کی قلت کے خدشہ کو ختم کرنا ہے صوبہ بھر میں ربیع کے سیزن میں 1.3 ملین ایکڑ رقبہ پر گندم کاشت کی جاتی ہے۔ ضلعی انتظامیہ اور محکمہ زراعت کے ذریعہ

بقیہ نمبر 2 صفحہ 3 پر

ڈپٹی کمشنر عائشہ زہری حکومت کی جانب سے فراہم کردہ بیج سیلاب متاثرین میں مفت تقسیم کر رہی ہیں

بے اختیار وزیر اعظم 6 ماہ میں 5 بار فیصلہ لینے لندن جاتے ہیں' شیخ رشید

سیاسی عدم استحکام، سیاسی عذاب یا سیاسی انقلاب زیادہ دور نہیں، بے یقینی کے بادل منڈلا رہے ہیں، سابق وزیر

راولپنڈی (این این آئی) سربراہ عوامی مسلم لیگ اور سابق وزیر داخلہ شیخ رشید نے کہا ہے کہ بے اختیار وزیر اعظم 6 ماہ میں 5 بار فیصلہ لینے لندن جاتے ہیں۔ عوامی مسلم لیگ کے سربراہ شیخ رشید نے سماجی رابطوں کی ویب سائٹ ٹوئٹر پر اپنا پیغام جاری کرتے ہوئے کہا کہ گیلپ

بقیہ نمبر 3 صفحہ 3 پر

بلوچستان بھر سے اہم خبریں

کوئٹہ سمیت بلوچستان کے مختلف علاقوں میں بارش کا سلسلہ جاری سردی کی شدت میں اضافہ ہو گیا

کوئٹہ (آن لائن) صوبائی دارالحکومت کوئٹہ سمیت بلوچستان کے شمالی علاقوں میں بارش کا سلسلہ شروع ہونے سے سردی کی

بقیہ نمبر 13 صفحہ 3 پر

جعفر ایکسپریس مچھ اسٹیشن تک 20 نومبر تک بحال ہو گی

کوئٹہ (آن لائن) جعفر ایکسپریس مچھ اسٹیشن تک 20 نومبر تک بحال ہو گی، 20 نومبر سے قمبل اسٹیشن پر نئے پلیٹ فارم، اضافی واٹر

بقیہ نمبر 12 صفحہ 3 پر

سریاب کچی بیگ اور کوئٹہ کے دیگر علاقوں میں گیس کی بندش کیخلاف احتجاج

کوئٹہ (آن لائن) سریاب کچی بیگ اور کوئٹہ کے دیگر علاقوں میں گیس کی بندش، لوڈشیڈنگ، اضافی بلنگ کے

بقیہ نمبر 14 صفحہ 3 پر

حب نورانی مزار کے قریب ٹریفک حادثے میں ایک شخص جاں بحق

حب (آن لائن) بلوچستان کے علاقے حب نورانی مزار کے قریب ٹریفک حادثے میں ایک شخص جاں بحق ہو گیا

بقیہ نمبر 15 صفحہ 3 پر

ملک بھر سے اہم خبریں

ملک بھر میں کرونا وائرس کیسز میں کمی، نئے رپورٹ کیسز کی تعداد 42 رہی

اسلام آباد (این این آئی) ملک بھر میں کرونا وائرس کے کیسز میں کمی دیکھی گئی، گزشتہ 24 گھنٹوں کے دوران کرونا وائرس

بقیہ نمبر 20 صفحہ 3 پر

خیبر پختونخوا، 24 گھنٹے میں 141 افراد میں ڈینگی وائرس کی تصدیق

پشاور (این این آئی) خیبر پختونخوا میں ڈینگی کا مرض بے قابو ہونے لگا، چوبیس گھنٹے کے دوران ایک سو اکتالیس افراد

بقیہ نمبر 21 صفحہ 3 پر

عالمی یوم انسداد بدعنوانی کی مناسبت سے گورنمنٹ بوائز ڈگری کالج قلعہ سیف اللہ میں تقریب انعقاد

قلعہ سیف اللہ (ش ن) عالمی یوم انسداد بدعنوانی کی مناسبت سے گورنمنٹ بوائز ڈگری کالج قلعہ سیف اللہ میں ایک تقریب

بقیہ نمبر 23 صفحہ 3 پر

صدر مملکت ڈاکٹر عارف علوی کی انگلینڈ کرکٹ ٹیم کو ٹی 20 ورلڈ کپ جیتنے پر مبارکباد

اسلام آباد (این این آئی) صدر مملکت ڈاکٹر عارف علوی نے انگلینڈ کرکٹ ٹیم کو ٹی 20 ورلڈ کپ جیتنے پر مبارکباد دی۔ اپنے

بقیہ نمبر 22 صفحہ 3 پر

جمہوری بیانیے کی تشکیل و تعبیر نو کیلئے سائنسی علوم و معاشی ترقی درکار ہیں' محمود خان اچکزئی

ریاستی مقتدرہ و اشرافیہ اور اسٹیبلشمنٹ کو فریز کئے بغیر تعبیر نو و دانش مندی کی آرزومندی ممکن نہیں ہے

کوئٹہ (آن لائن) پشتونخوا ملی عوامی پارٹی کے سربراہ محمود خان اچکزئی نے کہا ہے کہ جمہوری بیانیے کی تشکیل و تعبیر نو کیلئے سائنسی علوم و معاشی ترقی درکار ہیں معاشرے و تمدن میں رواداری اور تعمیری ماحول کی تشکیل و تعبیر نو کے لئے مکالمے و ڈائلاگ کا آغاز ضروری ہے تاکہ ممکنہ

بقیہ نمبر 11 صفحہ 3 پر

بار جیت کھیل کا حصہ ہے اور کم سکور کرنے کے باوجود پاکستان نے انگلینڈ کو ٹف ٹائم دیا، میر عبدالقدوس بزنجو

کوئٹہ (ش ن) وزیر اعلیٰ بلوچستان میر عبدالقدوس بزنجو نے کرکٹ ورلڈ کپ کے فائنل میچ میں اچھا کھیل پیش کرنے پر پاکستانی ٹیم کی تعریف کرتے ہوئے کہا ہے کہ ہار جیت کھیل کا حصہ ہے اور کم سکور کرنے کے باوجود پاکستان نے انگلینڈ کو ٹف ٹائم دیا وزیر اعلیٰ نے کہا ہے کہ سپورٹسمین میں سپرٹ اور مثبت رویہ کے ذریعہ پاکستانی کھلاڑیوں نے

بقیہ نمبر 16 صفحہ 3 پر

لاہور: پاکستان اور آئرلینڈ کی ویمن کرکٹ ٹیمیں بھی ٹی ٹوئنٹی ورلڈ کپ کا انگلینڈ اور پاکستان کے درمیان ہونیوالا فائنل میچ دیکھ رہی ہیں

عالمی حدت میں اضافے سے آئندہ بھی قدرتی آفات آئیں گی، شیری رحمان

موسمیاتی تبدیلی سے متاثرہ افراد کی بحالی ہماری مشترکہ ذمہ داری ہے، وفاقی وزیر

اسلام آباد (این این آئی) وفاقی وزیر ماحولیاتی تبدیلی شیری رحمان نے کہا ہے کہ پاکستان میں حالیہ سیلاب سے آنے والی تباہی پہلے کبھی نہیں دیکھی گئی، عالمی حدت میں اضافے سے مستقبل میں اور بھی قدرتی آفات آئیں گی، سیلابی پانی سے متاثرہ آبادی وبائی امراض کا شکار ہو

بقیہ نمبر 10 صفحہ 3 پر

کوئٹہ میں پیاز اور ٹماٹر سمیت مختلف سبزیوں کی قیمت میں اضافہ پیاز فی کلو قیمت 190 اور ٹماٹر 220 روپے تک پہنچ گئی

کوئٹہ (این این آئی) کوئٹہ میں پیاز اور ٹماٹر سمیت مختلف سبزیوں کی قیمت میں اضافہ، پیاز فی کلو قیمت 190 اور ٹماٹر 220 روپے تک پہنچ گئی۔ مارکیٹ ذرائع کے مطابق شہر میں پیاز اور ٹماٹر کی قیمتوں میں مزید اضافہ ہے، پیاز اور ٹماٹر کی فی کلو قیمت میں 40 روپے کا اضافہ ریکارڈ کیا گیا، پیاز کی

بقیہ نمبر 17 صفحہ 3 پر

چاروں صوبوں میں 60 ماہ کے دوران مختلف ترقیاتی منصوبے مکمل کیے جائیں گے

منصوبوں پر آنے والی تخمینہ شدہ لاگت وفاقی اور صوبائی حکومتوں کے درمیان 50، 50 فیصد کی بنیاد پر شیئر کی جائے گی

ایم پی آئی سروے سال 2017-18 میں اقوام متحدہ کے ڈیولپمنٹ پروگرام کی مدد سے مکمل کیا گیا

کوئٹہ (آن لائن) وزارت منصوبہ بندی نے ملک بھر میں 20 اور بلوچستان کے 11 پسماندہ اور غریب اضلاع میں 40 ارب روپے کی لاگت سے خصوصی اسکیموں کا آغاز کر دیا جن کے تحت ملک کے چاروں صوبوں میں 60 ماہ کے دوران مختلف ترقیاتی منصوبے مکمل کیے جائیں گے۔ ان منصوبوں پر آنے والی تخمینہ شدہ لاگت وفاقی اور صوبائی حکومتوں کے درمیان 50، 50 فیصد کی بنیاد پر شیئر کی جائے گی، ان منصوبوں کی منظوری وزیر منصوبہ بندی احسن اقبال کی سربراہی میں سینٹرل ڈیولپمنٹ

بقیہ نمبر 18 صفحہ 3 پر

میگا ٹورنامنٹ میں فائنل تک پہنچنے پر گرین شرٹس پر فخر ہے' وزیر اعظم

پاکستان نے فائنل میں شاندار بولنگ کی تاہم انگلینڈ بہت اچھا کھیلا، انگلینڈ کی ٹیم زیادہ اچھا کھیلی، اس میگا ٹورنامنٹ کے فائنل میں پہنچنے پر ہمیں پاکستانی کھلاڑیوں پر فخر ہے

پاکستانی ٹیم ٹورنامنٹ میں بہت اچھا کھیلی، دنیا کی سب سے بہترین محدود اوورز کی ٹیم انگلینڈ نے ورلڈ کپ میں کامیابی حاصل کی' پی ٹی آئی کے رہنما اسد عمر

اسلام آباد (این این آئی) وزیر اعظم شہباز شریف نے ورلڈ کپ فائنل میں ٹیم کی شکست پر ردعمل کا اظہار کرتے ہوئے کہا ہے کہ ٹیم پاکستان نے محنت اور جرات سے مقابلہ کیا۔ ٹی ٹوئنٹی ورلڈ کپ کے فائنل پر ردعمل میں وزیر اعظم نے کہا کہ ٹیم پاکستان نے محنت اور جرات سے مقابلہ کیا۔ انہوں نے کہا کہ پاکستان نے فائنل میں شاندار بولنگ کی تاہم انگلینڈ بہت اچھا کھیلا، میگا ٹورنامنٹ میں فائنل میچ تک پہنچنے پر گرین شرٹ پر فخر ہے۔ دریں اثناء حکومت اور اپوزیشن سے تعلق رکھنے والے سیاستدانوں نے کہا ہے کہ قومی ٹیم، آپ چیمپئن کی طرح کھیلے۔ تفصیلات کے مطابق صدر مملکت عارف علوی، وزیر اعظم

بقیہ نمبر 4 صفحہ 3 پر

سعودی ولی عہد کا دورہ ملتوی ہونا ملک کیلئے اچھا نہیں، شاہ محمود قریشی

حکومت الیکشن اصلاحات پر بہانے تلاش نہ کرے، الیکشن آئی آر کا ہمارا مطالبہ آج بھی قائم ہے، میڈیا سے گفتگو

گجرات (این این آئی) پاکستان تحریک انصاف کے رہنما شاہ محمود قریشی نے کہا ہے کہ سعودی ولی عہد محمد بن سلمان کا دورہ ملتوی ہونا ملک کیلئے اچھا نہیں۔ میڈیا سے گفتگو کرتے ہوئے شاہ محمود قریشی نے کہا کہ الیکشن نئی اصلاحات کے مطابق ہی ہونا چاہئیں۔ انہوں نے کہا کہ حکومت الیکشن

بقیہ نمبر 19 صفحہ 3 پر

ڈالر کو آزاد چھوڑ کر ملکی معیشت کا بیڑا غرق کیا گیا' اسحاق ڈار

4 سال میں معیشت تباہ کر دی گئی، ڈالر اور روپے کی قدر میں توازن پیدا کریں گے

شہباز شریف معیشت کو دوبارہ پاؤں پر کھڑا کرنے کے لیے معاشی اصلاحات پر عمل کر رہے ہیں، وزیر خزانہ

دبئی (این این آئی) وفاقی وزیر خزانہ اسحاق ڈار نے کہا ہے کہ ڈالر کو آزاد چھوڑ کر ملکی معیشت کا بیڑا غرق کیا گیا۔ تقریب سے خطاب کرتے ہوئے وزیر خزانہ اسحاق ڈار نے گزشتہ حکومت پر تنقید کرتے ہوئے کہا کہ 4 سال میں معیشت تباہ کر دی گئی، پاکستان سنگاپور کے بجائے سری لنکا بننے کے قریب پہنچ گیا تھا۔ اسحاق ڈار نے کہا کہ ریاست بچانے کے لیے حکومت کی تبدیلی کا فیصلہ کیا گیا، عوام کو ریلیف دینے کی کوشش کر رہے ہیں، ساتھ ہی فیول کی قیمتوں کو کنٹرول کرنے کی کوشش کر رہے ہیں۔ انھوں نے کہا کہ ڈالر کو آزاد چھوڑ کر ملکی معیشت کا بڑا غرق کیا گیا، ڈالر کی قیمت بڑھنے سے ملکی قرضے میں 4000 ارب روپے کا اضافہ ہوا تھا، ڈالر اور روپے کی قدر میں توازن پیدا کریں گے، ڈالرز کو 200 روپے سے کم کرنے کی کوشش کریں گے، ہماری حکومت کا عزم ہے کہ ڈالر کے مقابلے میں روپے کی قدر کو بہتر کریں گے۔ وزیر خزانہ نے کہا کہ شہباز شریف معیشت کو دوبارہ پاؤں پر کھڑا کرنے کے لیے معاشی اصلاحات پر عمل کر رہے

بقیہ نمبر 6 صفحہ 3 پر

صوبے جدید نرسنگ کی ترویج کے لیے حکومتی سطح پر کام کرنا ہوگا' جعفر خان مندوخیل

دنیا میں بھرمین جدید اور معیاری ہیلتھ کے مراکز کا دارومدار نرسنگ اور خدمات پر ہوتی ہے

کوئٹہ (آن لائن) پاکستان مسلم لیگ کے رہنماء وسابق صوبائی وزیر شیخ جعفر خان مندوخیل نے کہا ہے کہ صوبے جدید نرسنگ کی ترویج کے لیے حکومتی سطح پر کام کرنا ہوگا دنیا میں بھرمین جدید اور معیاری ہیلتھ کے مراکز کا دارومدار نرسنگ اور خدمات پر ہوتی ہے ان خیالات کا اظہار انھوں نے گزشتہ روز ہائیل بولان کالج آف نرسنگ اینڈ ہیلتھ سائنسز کے تقریب سے خطاب کرتے ہوئے کہا تقریب سے بلوچستان پرائیویٹ سکولز گرینڈ الائنس کے ترجمان نذر بزنجو، کالج کے اسسٹنٹ ڈائریکٹر اویس خان بزنجو، پرنسپل عبدالرحمان درانی' ارشد بلوچ ممتاز بھٹی اور دیگر رہنماؤں نے بھی خطاب کیا۔ تقریب

بقیہ نمبر 24 صفحہ 3 پر

کوئٹہ: پشتونخوا ملی عوامی پارٹی کے سربراہ محمود خان اچکزئی سے ڈاکٹر عارف خان اور عبدالمتین اخونزادہ ملاقات کر رہے ہیں

حکومت بلوچستان کی جانب سے سیلاب متاثرہ کسانوں میں مفت بیج فراہم کرنے کا سلسلہ جاری ہے

تمبو (آن لائن) حکومت بلوچستان کی جانب سے سیلاب متاثرہ کسانوں میں مفت بیج فراہم کرنے کا سلسلہ جاری ہے جس کے سلسلے میں تحصیلدار ڈیرہ مراد جمالی کی نگرانی میں کسانوں میں مفت بیج فراہم کیا گیا۔ تحصیلدار ڈیرہ مراد جمالی میر کامران خان رئیسانی نے صحافیوں سے گفتگو کرتے ہوئے کہا کہ نصیر آباد میں حکومت بلوچستان

بقیہ نمبر 27 صفحہ 3 پر

ترکیہ، دھماکے میں پانچ افراد جاں بحق، بارہ زخمی

ترک صدر طیب اردوان کی دھماکے کی مذمت، زخمیوں کو طبی امداد کی فراہمی کو یقینی بنانے کی ہدایت

پاکستان ترکیہ کے عوام اور حکومت سے مکمل یکجہتی کا اظہار کرتا ہے، شہباز شریف

استنبول/اسلام آباد (این این آئی) ترکیہ کے استقلال ایونیو میں زوردار دھماکے میں 5 افراد کے جاں بحق اور متعدد کے زخمی ہو گئے، دھماکے کے وقت سیاحوں کی بڑی تعداد موجود تھی اور اتوار کا روز ہونے کے باعث تقسیم اسکوائر پر سیاحوں کا رش تھا۔ عالمی میڈیا کے مطابق ترکیہ کے شہر استنبول کے علاقے استقلال ایونیو میں زوردار دھماکے کی آواز سنی گئی ہے تاہم دھماکے کی نوعیت کا تعین نہیں ہو سکا۔ ایمبولینسوں اور فائر بریگیڈ کی گاڑیوں کو جائے حادثہ کی جانب جاتے ہوئے دیکھا گیا جبکہ پولیس غیر

بقیہ نمبر 28 صفحہ 3 پر

سیلابی پانی سے متاثرہ آبادی وبائی امراض کا شکار ہو رہی ہے' شیری رحمان

حالیہ سیلاب جیسی تباہی پہلے نہیں دیکھی گئی، عالمی حدت میں اضافے سے آئندہ بھی قدرتی آفات آئیں گی

موسمیاتی تبدیلی سے متاثرہ افراد کی بحالی ہماری مشترکہ ذمہ داری ہے، وفاقی وزیر

اسلام آباد (این این آئی) وفاقی وزیر ماحولیاتی تبدیلی شیری رحمان نے کہا ہے کہ پاکستان میں حالیہ سیلاب سے آنے والی تباہی پہلے کبھی نہیں دیکھی گئی، عالمی حدت میں اضافے سے مستقبل میں اور بھی قدرتی آفات آئیں گی، سیلابی پانی سے متاثرہ آبادی وبائی امراض کا شکار ہو رہی ہے، موسمیاتی تبدیلی سے متاثرہ افراد کی بحالی ہماری مشترکہ ذمہ داری ہے، دنیا کو موسمیاتی تبدیلی سے پیدا ہونے والے خطرات سے نمٹنا ہوگا۔ اتوار کو مصر میں انٹر پارلیمنٹری یونین کے اجلاس سے خطاب کرتے ہوئے وفاقی وزیر ماحولیاتی تبدیلی شیری رحمان نے کہا کہ دنیا کو موسمیاتی تبدیلیوں کے خطرات سے نمٹنے کیلئے مشترکہ اقدامات کرنا ہوں گے۔ انہوں نے کہا کہ پاکستان میں آنے والے حالیہ سیلاب سے جتنی تباہی ہوئی ہے پہلے کبھی نہیں دیکھی گئی۔ انہوں نے کہا کہ سیلاب

بقیہ نمبر 8 صفحہ 3 پر

بلدیاتی انتخابات دوسرے مرحلے کیلئے کاغذات نامزدگی کی مدت ختم

شیرانی (این این آئی) بلدیاتی انتخابات دوسرے مرحلے میں ایک یونین کونسل پر پشتونخوا میپ، ایک پر جمعیت علماء اسلام اور ایک یونین کونسل پر شوری پینل کے امیدواروں کے مقابلے میں کسی نے کاغذات نامزدگی جمع نہیں کرائیں۔ بلدیاتی انتخابات دوسرے مرحلے کے لئے

بقیہ نمبر 31 صفحہ 3 پر

محمد بن سلمان نے صرف دورہ پاکستان نہیں، دورہ ایشیا ملتوی کیا ہے، فواد چوہدری

پاکستان کے اہم وزیر کی اخلاقی حالت یہ ہے کہ انہیں جھوٹ بولتے ذرا بھی مسئلہ نہیں

اسلام آباد (این این آئی) سابق وزیر اطلاعات اور رہنما پاکستان تحریک انصاف فواد چوہدری نے کہا ہے کہ محمد بن سلمان نے صرف دورہ پاکستان نہیں بلکہ دورہ ایشیا ملتوی کیا ہے۔ مائیکروبلاگنگ ویب سائٹ پر وزیر دفاع اور رہنما مسلم لیگ (ن) خواجہ آصف کی جانب سے سعودی ولی عہد محمد بن سلمان کا دورہ پاکستان ملتوی ہونے کا الزام پی ٹی آئی کے احتجاج پر عائد کرنے کے ردعمل میں فواد چوہدری نے کہا کہ پاکستان کے اہم وزیر کی اخلاقی حالت یہ ہے کہ انہیں جھوٹ بولتے ذرا بھی مسئلہ نہیں محمد بن

بقیہ نمبر 30 صفحہ 3 پر

گجرات: پی ٹی آئی کے وائس چیئرمین شاہ محمود قریشی سے ینگ ڈاکٹرز ایسوسیشن کے عہدیدار ملاقات کر رہے ہیں

دھرنے کے بعد سعودی ولی عہد کا پاکستان دورہ ملتوی ہوا' خواجہ آصف

عمران خان نے پہلے دھرنے پہ 7 سال قبل چینی صدر کا دورہ کینسل کروایا تھا، وزیر دفاع

عمران خان سوائے اپنے مفادات کے علاوہ کوئی سوچ نہیں رکھتا، ملک وقوم کے مفادات کے کوئی معنی نہیں، بیان

اسلام آباد (این این آئی) وزیر دفاع خواجہ آصف نے کہا ہے کہ سابق وزیر اعظم عمران خان کی جانب سے اسلام آباد کی طرف لانگ مارچ اور دھرنے کے اعلان کی وجہ سے سعودی عرب کے ولی عہد اور وزیر اعظم محمد بن سلمان کا دورہ پاکستان ملتوی ہوا۔ انہوں نے کہا کہ عمران خان سوائے اپنے مفادات کے علاوہ کوئی سوچ نہیں رکھتا، ملک وقوم کے مفادات کے کوئی معنی نہیں، یہ شخص ملک کے خلاف ایجنڈا پہ کام کر رہا ہے۔ وزیر دفاع خواجہ آصف نے کہا ہے کہ سابق وزیر اعظم عمران خان کی جانب سے اسلام آباد کی طرف لانگ مارچ اور دھرنے کے اعلان کی وجہ سے سعودی عرب کے ولی عہد اور وزیر اعظم محمد بن سلمان کا دورہ پاکستان ملتوی ہوا ہے۔ ٹوئٹر پر اپنے پیغام میں انہوں نے کہا کہ عمران خان نے پہلے دھرنے پہ 7 سال

بقیہ نمبر 5 صفحہ 3 پر

کوئی ہم سے وطن کی ننگ و ناموس پر سمجھوتہ کرنے کی کوئی امید نہ رکھے

پشتون دہشت گرد نہیں بلکہ دہرے دہشت گردی کا شکار ہے' عوامی نیشنل پارٹی

شہید اسد خان اچکزئی قومی ننگ و ناموس کی دفاع میں اپنی جان دے گئے ان کی جدوجہد مشعل راہ ہے

چمن (آن لائن) عوامی نیشنل پارٹی کے رہنماؤں نے کہا ہے کہ کوئی ہم سے وطن کی ننگ و ناموس پر سمجھوتہ کرنے کی کوئی امید نہ رکھے پشتون دہشت گرد نہیں بلکہ دہرے دہشت گردی کا شکار ہے ماضی کے برعکس اب پشتون بحیثیت قوم انتہاپسندوں دہشت گردوں اور ان کے پشت پناہ کرنیوالوں کو اپنی جنت نظیر وطن کو کھنڈرات میں تبدیل کرنے کی کسی صورت اجازت نہیں دیگی پشتونوں کے وسائل پر اختیار ملنے اور امن کے قیام کیلئے فکر باچا خان کے متوالے نتائج کی پرواہ کئے بغیر میدان کا مردانہ

بقیہ نمبر 25 صفحہ 3 پر

پاکستان فائنل میچ عوام کے لیے تمام اضلاع میں بڑی سکرینوں پر براہ راست دکھانے کا اہتمام کیا گیا

کوئٹہ (ش ن) وزیر اعلیٰ بلوچستان میر عبدالقدوس بزنجو کی ہدایت پر ٹی 20 ورلڈ کرکٹ ٹورنامنٹ کے پاکستان اور انگلینڈ کے درمیان میلبرن میں کھیلے جانے والا فائنل میچ عوام کی تفریح کے لیے تمام اضلاع میں بڑی سکرینوں پر براہ راست دکھانے کا اہتمام کیا گیا نوجوانوں اور عوام کی بڑی تعداد نے اس سہولت سے فائدہ اٹھایا اور میچ

بقیہ نمبر 26 صفحہ 3 پر

میرے مستقبل کے منصوبوں میں پاک فوج تعمیری کردار ادا کر سکتی ہے' عمران خان

میرے خیال میں سازش کا بیانیہ گزر چکا اب وہ پیچھے رہ گیا، میں اب امریکا پر الزامات نہیں لگاتا

دوبارہ وزیر اعظم بنا تو امریکا سے اچھے تعلقات رکھنا چاہوں گا، سابق وزیر اعظم

لاہور (این این آئی) چیئرمین تحریک انصاف عمران خان نے کہا ہے کہ میرے مستقبل کے منصوبوں میں پاک فوج تعمیری کردار ادا کر سکتی ہے۔ نجی ٹی وی کے مطابق برطانوی اخبار سے بات کرتے ہوئے سابق وزیر اعظم عمران خان نے سائفر بیانیے کو ماضی کا حصہ قرار دیتے ہوئے کہا کہ میرے خیال میں سازش کا بیانیہ گزر چکا اب وہ پیچھے رہ گیا، میں اب امریکا پر الزامات نہیں لگاتا، واشنگٹن سے باوقار تعلقات چاہتا ہوں۔ عمران خان نے کہا کہ دوبارہ وزیر اعظم بنا تو امریکا سے اچھے تعلقات رکھنا چاہوں گا۔ انہوں نے کہا کہ یوکرین پر روسی حملے سے ایک روز پہلے دورہ ماسکو بڑی غلطی تھا۔ سابق وزیر اعظم نے ایک بار پھر کہا کہ ایسے پاکستان کی قیادت کرنا چاہوں گا جس کے سب خصوصاً امریکا سے اچھے تعلقات ہوں، امریکا سے ''آقا غلام'' کے تعلق میں امریکا

بقیہ نمبر 7 صفحہ 3 پر

رحیم آغا کی قیادت میں وفد کی سابق وزیر اعلیٰ سید قائم علی شاہ، ایم این اے نفیسہ شاہ سے ملاقات

جیلانی ہاؤس آکر ہمیں خدمت کا موقع دیا انشاء اللہ آئندہ بھی رابطہ جاری رہے گا' ملاقات میں بات چیت

اوستہ محمد (این این آئی) انجمن تاجران بلوچستان کے صوبائی صدر سید رحیم آغا، نائب صدر میر محمد رحیم ہنگلوئی جنرل سیکریٹری عمران ترین ڈپٹی نائب صدر ولی افغان ارشد ہنگلوئی کی سندھ کے شہر خیرپور جیلانی ہاؤس آمد سندھ کے سابق وزیر اعلیٰ سید قائم علی شاہ ایم این اے نفیسہ شاہ سے ملاقات، سید قائم علی شاہ نے بلوچستان کے انجمن تاجران کے اعزاز میں چائے پارٹی دی اور مہمانوں کو اجرک کا تحفہ پیش کیا اس موقع پر سابق وزیر اعلیٰ سندھ سید قائم علی شاہ نے مہمانوں سے بات چیت کرتے ہوئے کہا کہ

بقیہ نمبر 34 صفحہ 3 پر

لاہور: امیر جماعت اسلامی سراج الحق منصورہ میں ذمہ داران کی تربیتی ورکشاپ سے خطاب کر رہے ہیں

لیویز فورس کیچ کی ہوشاب چیک پوسٹ پر کاروائی بھاری مقدار میں منشیات برآمد

کوئٹہ (این این آئی) لیویز فورس کیچ کی ہوشاب چیک پوسٹ پر کاروائی بھاری مقدار میں منشیات برآمد کر لی گئی۔ لیویز حکام کے مطابق ڈپٹی کمشنر کیچ شبیر احمد بزنجو کی منشیات کے خلاف اقدامات اور ہدایت پر اسسٹنٹ کمشنر تربت بھرام سلیم اور میجر رسالدار سمائیل خالق کی زیر نگرانی میں لیویز فورس

بقیہ نمبر 33 صفحہ 3 پر

ارشد شریف کی پوسٹ مارٹم تصاویر لیک، پمز ہسپتال کی تحقیقاتی کمیٹی کا پہلا اجلاس (آج) ہوگا، ایک درجن حکام طلب

اسلام آباد (این این آئی) کینیا میں قتل ہونے والے صحافی ارشد شریف کی پوسٹ مارٹم تصاویر لیک ہونے کی تحقیقات کیلئے بنائی گئی پاکستان انسٹی ٹیوٹ آف میڈیکل سائنسز (پمز) کی تحقیقاتی کمیٹی کا اجلاس (آج) پیر کو ہوگا، ہسپتال کے کم از کم ایک درجن حکام کو طلب کر لیا گیا ہے۔ میڈیا رپورٹ کے مطابق ڈاکٹر نوید اے شیخ کی سربراہی

بقیہ نمبر 35 صفحہ 3 پر

سعودی ولی عہد کا دورہ تحریک انصاف کے لانگ مارچ کی وجہ سے منسوخ نہیں ہوا' شیریں مزاری

بظاہر یہ اندرونی صورتحال کی وجہ سے بیرون ملک تعلقات متاثر ہونے کا کیس ہے، سابق سفیر عبدالباسط

اسلام آباد (این این آئی) تحریک انصاف کی رہنما شیریں مزاری نے کہا ہے کہ سعودی ولی عہد کا دورہ تحریک انصاف کے لانگ مارچ کی وجہ سے منسوخ نہیں ہوا۔ اپنے بیان میں انہوں نے کہا کہ تحریک انصاف کے لانگ مارچ کی وجہ سے یہ دورہ منسوخ نہیں ہوا، ہم نے کسی کو تھریٹ نہیں

روزنامہ شال کوئٹہ
Daily SHAL
www.dailyshal.com

اداریہ
EDITORIAL

لکھنے کے خواہش مند حضرات اپنے کالم اور مضامین مندرجہ ذیل پتے پر بھیج دیں۔
پتہ: شال گروپ آف پبلی کیشنز 1 مریم ٹاؤن سبزل روڈ کوئٹہ۔
ای میل ایڈریس برائے اشتہارات۔ addshalquetta@gmail.com
ای میل ایڈریس برائے مضامین وخبریں۔ shalquetta@gmail.com

اس اخبار میں شائع ہونے والے تمام مضامین قلم کاروں کی اپنی نکتہ نظر ہیں۔ ادارے کا اس سے متفق ہونا لازمی نہیں۔ (ادارہ)

14 نومبر 2022ء

گیس پریشر میں کمی عوام کی مشکلات میں اضافہ

صوبائی دارالحکومت کوئٹہ سمیت بلوچستان کے شمالی علاقوں میں بارش کا سلسلہ شروع ہونے سے سردی کی شدت میں اضافے کے باعث گیس پریشر میں کمی نے عوام کی مشکلات میں اضافہ کردیا ہے تفصیلات کے مطابق وادی کوئٹہ سمیت بلوچستان کے شمالی علاقوں میں ہونے والی بارشوں کے دوبارہ شروع ہونے کے بعد سردی کی شدت میں اضافے کی وجہ سے گیس پریشر میں کمی اور گیس کی بندش نے شہریوں کی مشکلات میں اضافہ کردیا ہے جب کہ گیس پریشر میں کمی کے خلاف شہریوں نے گزشتہ روز بھی احتجاج کیا تھا اس کے باوجود سوئی سدرن گیس کمپنی کی جانب سے گیس پریشر میں کمی اور اس کی بندش کے مسئلے کے حل کے لئے کوئی اقدام نہیں اٹھایا کوئٹہ کے علاقے جناح ٹان اور دیگر علاقوں میں رات کو مختلف اوقات میں گیس کی بندش روز کا معمول بن چکی ہے جس کی وجہ سے علاقہ مکینوں کو مشکلات درپیش آ رہی ہیں اتوار کی شب وادی کوئٹہ سمیت بلوچستان کے شمالی علاقوں زیارت کان مہترزئی قلعہ عبداللہ کچھی نوزئی قلعہ سیف اللہ ژوب قلات مستونگ اور دیگر علاقوں میں بارش اور یخ بستہ ہوائیں چلنے سے سردی کی شدت میں اضافہ ہوگیا کوئٹہ قلات اور زیارت میں علاقہ مکینوں کو گیس کے بھاری بھر کم بلوں کی ادائیگی کے باوجود گیس پریشر میں کمی اور بندش جیسے مسائل سے نجات نہیں دلائی گئی صوبائی دارالحکومت کے مختلف علاقوں میں گزشتہ کئی روز سے علاقہ مکین گیس پریشر اور بندش کے خلاف سراپا احتجاج ہیں لیکن سوئی سدرن گیس کمپنی حکومت اور متعلقہ حکام کی جانب سے گزشتہ برسوں کی طرح اس سال سردیوں میں بھی گیس پریشر میں کمی اور بندش جیسے مسائل کا خاتمہ ممکن نہیں بنایا گیا جب کہ محکمہ موسمیات کی جانب سے اتوار کی شب کوئٹہ سمیت بلوچستان کے مختلف علاقوں میں بارش اور پہاڑوں پر برف باری کی پیشن گوئی کی ہے۔

سیلاب اور کالا باغ ڈیم (آخری قسط)

دے رہی اصل میں اس کا گہرا مطالعہ کیا جائے۔ شمس الملک وہ شخصیت جنہیں کالا باغ ڈیم کے منصوبے کے بانیوں میں شامل کیا جاسکتا ہے۔ اور وہ ایک ایسے سچے پاکستانی ہیں جو پاکستان کے مفاد کو عزیز رکھتے ہیں اب تو عزیزان وطن کو سمجھ لینا چاہیے کہ یہ امن کی آشا کی باتیں کرنے کے پیچھے بغل میں چھری اور منہ میں رام رام ہے۔

مجھے ان سیاستدانوں سے کوئی گلہ نہیں کیونکہ ان کی جائیدادیں پاکستان سے باہر ہیں خدانخواستہ پاکستان پر کوئی آنچ آتی ہے تو وہ اسے چھوڑ کر باہر بھاگنے میں دیر نہیں کریں گے۔ ان مشکلات کا ہمیں اندازہ نہیں جس طرف ہماری توجہ نہیں جاتی۔ 2025ء میں پانی کی اس قدر قلت ہو جائے گی کہ آپ کی فصلوں کو پانی نہیں ملے گا۔ پینے کا پانی آسانی سے دستیاب نہیں ہوگا اور بھارت فاسٹ ٹریک بنیادوں پر پاکستان کے

محمد اکرم جوئیہ

دریائے چناب پر مقبوضہ کشمیر میں 6 ڈیم تعمیر کررہا ہے مگر ہم اپنے ہی دریائے سندھ پر کالا باغ ڈیم بنانے پر بھی 50 سال سے دشمن کی چلائی بحث میں الجھے ہوئے ہیں۔

کالا باغ ڈیم کی اہمیت اور ایسی حقیقت ہے جسے ہم جھٹلا نہیں سکتے ہماری آنیوالی نسل تو دور کی بات اسی موجودہ نسل اور پاکستان کے روشن مستقبل کیلئے اس کا بننا ناگزیر ہو چکا ہے۔ کچھ ملک دشمن طاقتیں اس کی مخالفت کرتی ہیں وہ پاکستان میں رہنے والے اسفند یار ولی جیسے سیاستدانوں کو استعمال کررہا ہے۔

ڈیم کی وجہ سے متاثر ہونے والے ہماری بھائیوں کیلئے بونس کے طور پر خطیر معاوضوں کا اعلان کیا جائے اس سلسلے میں پاکستانی قوم اپنا تن من دھن قربان کرنے کو تیار ہے اب وقت بند مٹھی سے ریت کی طرح نکلا جارہا ہے کہیں یہ نہ ہو کہ دیر ہو جائے اب ہمیں پانی کا دانشمندانہ استعمال نئے آبی ذخائر کی ہنگامی بنیادوں پر تعمیر اور سب سے پہلے کالا باغ ڈیم کی تعمیر بہت ضروری بن چکی ہے۔

آزادیِ انتشار (آخری قسط)

کہ عوام بالکل بے بس ہوگئے ہیں۔ ایسا لگتا ہے کہ پاکستان، اور خصوصاً پنجاب اور خیبر پختون خوا میں عمران خان کا ایسا راج چل رہا ہے جس نے نظام کو مفلوج کردیا ہے۔

مظاہرین کو روکنے والا کوئی نہیں ہے۔ اس وقت عمران خان ڈکٹیشن دے رہے ہیں اور وہ جو مانگتے ہیں حکومتیں اور ادارے بجا آوری کررہے ہیں، بلکہ انہیں وہ بھی دے دیا جاتا ہے جو وہ مانگتے بھی نہیں۔ عمران خان جہاں پھنستے ہیں عدالتیں اور ادارے انہیں بیل آؤٹ کردیتے ہیں۔ صوبائی حکومتیں تو خیر سے ان کی اپنی ہی ہیں۔ جہاں تک ایف آئی آر کا تعلق ہے تو آئی جی پنجاب نے سپریم کورٹ میں بتا دیا تھا کہ انہیں پنجاب حکومت نے ایف آئی آر درج کروانے سے روک رکھا ہے۔ "مبینہ طور پر" گولی لگنے کے واقع کے بعد قانونی تقاضا تھا کہ میڈیکو لیگل کروایا جاتا

ناصر چودھری

لیکن وہ شوکت خانم ہسپتال چلے گئے۔ یہ بات سب کو معلوم ہے کہ میڈیکو لیگل کے بغیر اس کیس کے قانونی تقاضے پورے نہیں کئے جاسکتے۔ پیر کی شام عمران خان نے سی این این کی سینئر اینکر بیکی اینڈرسن کو انٹرویو دیا۔ وہ بار بار پوچھتی رہیں کہ جن افراد پر آپ الزام لگا رہے ہیں۔

تو کیا آپ کے پاس اس کے ثبوت ہیں لیکن عمران خان ایک بار بھی بیکی اینڈرسن کے اس سوال کا جواب نہیں دے سکے اور آئیں بائیں شائیں کرتے رہے۔ ظاہر ہے وہ اس واقعہ کو قانونی طریقہ کی بجائے سٹنٹ بنانے اور پراپیگنڈہ کرنے کے لئے استعمال کرنا چاہتے ہیں۔ پاکستان کو تیونس، لیبیا، مصر، یمن، شام یا عراق بنانے کی اجازت نہیں دی جاسکتی۔ اب معاملہ ریاست پاکستان کا ہے جس میں آزادیِ اظہار تو ہونی چاہئے لیکن آزادیِ انتشار نہیں دی جاسکتی۔

کامیاب بولان آپریشن اور جھوٹے دعووں کی شکست

بلوچستان کے علاقوں ہرنائی، شاہرگ اور سنگھان میں ٹارگٹ کلنگ، بھتہ خوری، اغواء برائے تاوان اور ڈکیتی جیسی وارداتوں کی شرح بڑھتی جارہی تھی۔ دہشت گرد بھتہ خوری، اغواء برائے تاوان کے ذریعے پیسے اکٹھے کرتے اور اپنی دہشت گرد دانہ کارروائیوں میں استعمال کررہے تھے۔ جو لوگ بھتہ دینے سے انکار کرتے انکا بہیمانہ قتل کیا جارہا تھا۔ ان تمام جرائم میں مقامی بلوچ خواتین کی عزت وآبرو بھی محفوظ نہ تھی۔ ان بڑھتے جرائم کی وجہ سے کئی خاندان ہجرت کرکے محفوظ مقامات پر منتقل ہوگئے جن میں خواتین اور بچوں کی ایک بڑی تعداد شامل تھی۔ دہشت گرد واردات ڈالتے اور بولان کے دوردراز پہاڑوں میں بنائے گئے اپنے خفیہ ٹھکانوں میں فرار ہوجاتے جہاں عام لوگوں کی رسائی ناممکن تھی۔ کچھ مقامی لوگوں نے بڑھتے جرائم کے خلاف آواز اٹھانے کی ہمت کی اور سکیورٹی اداروں کو شکایات موصول ہوئی۔

دہشت گردوں کے ممکنہ ٹھکانوں کے خلاف آپریشن شروع کیا گیا۔ بولان کے پہاڑوں میں چھپے دہشت گردوں کے لیے یہ لمحہ انتہائی حیران کن تھا کہ سیکورٹی فورسز دشوار گزار پہاڑوں کو سر کرتے ہوتے ان کے خفیہ ٹھکانوں تک پہنچ جائے گے۔ سیکورٹی فورسز اور دہشت گردوں میں لڑائی شروع ہوئی۔ آپریشن میں پاک آرمی کے دو جوان شہید ہوئے جبکہ دس دہشت گرد جہنم واصل ہوئے۔ دہشت گردوں کو جب عبرتناک شکست ہوئی تو اس تنظیم کے لوگوں نے چند ملک دشمن عناصر کے ذریعے سوشل میڈیا پر جھوٹا پروپیگنڈہ شروع کیا کہ سیکورٹی فورسز عورتوں اور

یاسر خان کاکڑ

بچوں کو اغواء کرکے ساتھ لے گئے ہیں۔ دراصل یہ وہ ہی خاندان، عورتیں اور بچے تھے جو کہ دہشت گردوں کے بڑھتے جرائم کی وجہ سے ان علاقوں کو چھوڑ کر محفوظ مقامات پر منتقل ہوگئے تھے۔ وائس فار بلوچ مسنگ پرسنز (VBMP) اور بلوچ یکجہتی موومنٹ جیسی تنظیموں نے بھی ہمیشہ کی طرح اپنی سیاسی دوکان چمکائی اور دہشت گردوں کے جھوٹے دعوے کو مزید تقویت بخشتے ہوئے سوشل میڈیا پر جھوٹے دعوے شروع کیے۔ جن میں ماما قدیر اور منظور پشتین جیسے لوگ سرفہرست تھے۔ ان جھوٹے دعووں میں کچھ بلوچ رہنما بھی تحقیق کے بغیر شامل ہوگئے۔ یہ تمام جھوٹے پروپیگنڈے تب اپنا دم توڑ گئے جب حکومت بلوچستان کی جانب سے سرکاری طور پر اس کی تردید کی گئی اور ساتھ ہی ان تنظیموں کے سوشل میڈیا اکاؤنٹس پر ان عورتوں اور بچوں کی واپسی کی اطلاعات آنا شروع ہوگئی۔ جبکہ درحقیقت یہ لوگ دہشت گردوں کے قلع قمع کے بعد واپس آنا شروع ہوئے۔ آخر کار سچ کی جیت ہوئی اور تمام جھوٹے پروپیگنڈوں کا خاتمہ ہوا۔

ان تمام حالات نے متعدد حقائق سے پردہ اٹھایا کہ دہشت گردوں کی بولان کی پہاڑیوں میں شکست کو کیسے عورتوں اور بچوں کی سکیورٹی فورسز کے ہاتھوں اٹھائے جانے کے جھوٹے بیانیے کے پیچھے چھپانے کس کوشش کی گئی۔ اس سے یہ بھی ثابت ہوتا ہے کہ دہشت گردوں کو وائس فار بلوچ مسنگ پرسنز (VBMP) اور اس جیسی دیگر جماعتوں کے نام نہاد رہنماؤں کی پشت پناہی حاصل ہے۔ جنہوں نے سوشل میڈیا پر حقائق کو مسخ کرتے ہوئے جھوٹے دعووں کو تقویت دینے کی ناکام کوشش کی اور آخر کار سچ جیتا اور جھوٹ کو شکست ہوئی۔

میں نے کچھ غلط نہیں لکھا

مجھے یاد ہے کچھ عرصہ قبل میں نے سوشل میڈیا پر ایک پوسٹ لکھا کہ اگر آپ غریب ہیں تو آپ کو شادی نہیں کرنی چاہئے پہلے معاشی طور پر خود کو مظبوط بناؤ پھر پارٹنر کے بارے میں سوچوں، ہاں ٹھیک ہے آپ سے رہا نہیں جاتا غریب ہوں کے شادی کرلی، پھر بچے پیدا کرنے کی کیا ضرورت ہے؟ اگر بچے پیدا کرنے کا شوق ہے تو اتنے بچے پیدا کروں جتنے کے آپ کفالت اور تربیت کرسکتے ہوں تاکہ بعد میں آپ کو خودکشی یا اپنے بچوں کو بیچنا نہ پڑے، اس پوسٹ کو لیکر کچھ علماء کرام نے مجھ پر شدید تنقید کی، سچ کہوں تو مجھے بھی اپنے پوسٹ پر ندامت محسوس ہوا کہ شاید میں نے کچھ غلط لکھا؟ مگر حال ہی میں بارکھان کے علاقے دھلوائی میں چودہ بچوں کے باپ کا غربت کی وجہ سے خودکشی کا سن کر اور آج ایک معذور شخص جو بدقسمتی دو بچوں کا باپ بھی ہے انکی

نذر بلوچ قلندرانی

فریادی وڈیو اور انکے معصوم بچوں کو دیکھنے کے بعد مجھے اس چیز کا احساس ہوا کہ میں نے کچھ غلط نہیں لکھا، ایک طرف معذوری دوسری طرف دو بچے بھی پیدا کرلی اپنا زندگی تو تھا ہی برباد مزید دو زندگیاں برباد کردی، ہمارے سماج میں لوگ بڑی آسانی سے چودہ چودہ بچے پیدا کرکے پھر خودکشی کرجاتے ہیں لیکن یہ نہیں سوچتے کہ انکے بعد اس کے بچوں کا کیا حال ہوگا؟ کہتے ہیں نہ افسوس سے احتیاط بہتر ہے سو میں ایک بار پھر سے کہوں گا کہ اگر آپ غریب ہیں تو آپکو شادی نہیں کرنی چاہئے پہلے معاشی طور پر خود کو مظبوط بناؤ پھر پارٹنر کے بارے میں سوچوں، ہاں ٹھیک ہے آپ سے رہا نہیں جاتا غریب ہوں کے شادی کرلی، پھر بچے پیدا کرنے کی کیا ضرورت ہے؟ اگر بچے پیدا کرنے کا شوق ہے تو اتنے بچے پیدا کروں جتنا آپ کفالت اور تربیت کرسکتے ہوں تاکہ بعد میں آپ کو خودکشی یا اپنے بچوں کو بیچنا نہ پڑے۔

ففتھ جنریشن وار

پاکستان تحریک انصاف کے سربراہ اور سابق وزیراعظم عمران خان پر ان کے لانگ مارچ کے دوران قاتلانہ حملہ یقیناً ایک افسوسناک امر ہے لیکن اس واقعہ کے بعد جس طرح سے ہماری افواج پاکستان کو نشانہ بنایا گیا ہے وہ معاملہ نہ صرف تشویشناک ہے بلکہ یہ رجحان ہمارے معاشرے کیلئے خطرناک بھی ہے۔ عمران خان اور ان کی پارٹی کی جانب سے اداروں کے خلاف جو شرمناک مہم شروع کی گئی ہے اس کی سب سے زیادہ خوشی اس وقت بھارت کو ہو رہی ہے۔ بھارتی میڈیا اور ان کے سیاسی وسماجی رہنماؤں کے آج کل کے بیانات کو دیکھیں اور سنیں تو وہ اس وقت بغلیں بجا رہے ہیں کہ جو کام بھارت کی خفیہ ایجنسی را نہ کرسکی وہ عمران خان نے مفت میں انجام دے دیا ہے یعنی پاکستانی قوم کو فوج کیخلاف کرنے کا عمل انجام دیا ہے۔ ہمارے

محمد علی یزدانی

سیاست دانوں نے وطیرہ بنالیا ہے کہ یہ اقتدار میں ہوتے ہیں تو فوج کے گن گاتے ہیں اور اگر اقتدار سے رخصت ہوتے ہیں تو انہیں تمام برائیاں اسٹیبلشمنٹ میں نظر آنا شروع ہوجاتی ہیں جو اس بات کا مظہر ہے کہ ہمارے سیاست دان چاہتے ہیں کہ ہمارے سرکاری افسران کے اشاروں پر چلیں۔ یعنی اس وقت مسئلہ یہ نہیں ہے کہ اسٹیبلشمنٹ عمران خان کے ساتھ نہیں ہے پی ٹی آئی کیلئے مسئلہ یہ ہے کہ وہ نیوٹرل کیوں ہوئے ہیں عمران خان کیلئے سیاسی انجینئرنگ کیوں نہیں کررہے۔

پاک فوج کے سپہ سالار جنرل قمر جاوید باجوہ کی سربراہی میں پاک فوج نے بڑے کارہائے نمایاں سرانجام دیئے ہیں دہشت گردوں کا قلعہ قمع کیا ہے ملک کو امن کا گہوارہ بنایا ہے بلوچستان سے را کی دہشت گردی کو بے نقاب کیا ہے اور سب سے بڑھ کر ایف اے (جاری ہے)

خاموش قاتل کا عالمی دن

بلوچستان میں جو لوگ دیہات سے شہروں کو منتقل ہورہے ہیں۔ اُن کی طرز زندگی اور بودو باش اور خوراک تبدیل ہونے کے باعث ذیابطیس کے مرض کا شکار ہوجاتے ہیں۔ اس کی وجہ یہ ہے کہ وہ دیہات میں جسمانی مشقت اور واک زیادہ کرتے تھے، لیکن شہر میں آکر وہ گھروں میں بند ہوجاتے ہیں۔

پاکستان میں ذیابیطس پر کی جانی والی تحقیق کے مطابق ہر پانچ یا چھ افراد میں سے ایک کو یہ مرض لاحق ہے جبکہ پوری دنیا میں 450 ملین سے زائد لوگ اس سے متاثر ہیں۔

پاکستان ان ممالک میں چوتھے نمبر پر ہے، جہاں یہ مرض تیزی سے پھیل رہا ہے۔ خواتین میں ذیابیطس کے مرض سے بہت سے پیچیدگیاں جنم لیتی ہیں، خصوصاً اگر وہ حاملہ ہوں تو اس دوران بچے کا سائز بڑھ جاتا ہے، جس سے ڈیلیوری کے دوران مسائل پیش آتے ہیں۔

ذیابیطس ایسا مرض ہے جو انسان کے جسم کو دیمک کی طرح چاٹ جاتا ہے، اسے 'خاموش قاتل' بھی کہا جاتا ہے۔ ذیابیطس کی دو اقسام ہیں جس میں پہلی کو 'ٹائپ ون' دوسری کو 'ٹائپ ٹو' کہا جاتا ہے۔ پہلی قسم میں بچے اور وہ افراد شامل ہیں جن کے جسم میں انسولین نہیں بنتا ہے جبکہ دوسری اقسام میں شامل افراد وہ ہیں جن کی عمر 40 سال سے زائد ہو۔ بلوچستان کے سب سے بڑے ہسپتال سڈیمن سول ہسپتال میں روزانہ آنے والے ایسے مریضوں کی تعداد زیادہ ہے، جن کو علم نہیں ہوتا کہ وہ اس خطرناک مرض کا شکار ہوچکے ہیں۔

سڈیمن سول ہسپتال کے ذیابیطس کے ماہر اسسٹنٹ پروفیسر کنسلٹنٹ فزیشن اینڈ انڈوکرنولوجسٹ سمجھتے ہیں کہ لاعلمی اور بروقت چیک اپ نہ کروانے سے ایسے مریضوں کی تعداد میں روزانہ اضافہ ہورہا ہے۔ پاکستان میں ہونے والی ایک ریسرچ کے مطابق اس مرض کا شکار زیادہ تر درمیانی عمر کے لوگ ہیں اور مردوں میں خواتین کے مقابلے میں اس مرض کی شرح زیادہ ہے۔

سڈیمن ہسپتال کے ڈاکٹرز روزانہ ایسے مریضوں کا علاج کرتے ہیں۔ انہوں نے اپنے تجربات سے آگاہ کرتے ہوئے بتایا کہ ہمارے پاس ایسے مریض بھی آتے ہیں، جنہوں نے ہسپتال آنے سے پہلے حکیموں اور دم کروانے کو ترجیح دی ہوتی ہے۔

بعض ڈاکٹر اور ماہرین کے مطابق بہت سے مریض یہ کہتے ہیں کہ ہمیں بتایا گیا ہے کہ قلات میں ایک جگہ پر کوئی پانی ہے، جس سے اس مرض کا خاتمہ ہوجاتا ہے۔ ایسے مریضوں کو نہ صرف سمجھانا بلکہ ذیابیطس کے مرض سے ہونے والے مسائل سے آگاہی فراہم کرنا بھی مشکل کام ہوتا ہے۔

ذیابیطس کا عالمی دن ہر سال 14 نومبر کو منایا جاتا ہے، یعنی آج بھی پاکستان میں ایک شخص 72 گرام چینی استعمال کرے گا، جو ذیابیطس کی بڑی وجہ مانی جاتی ہے۔

ذیابیطس فیڈریشن کے مطابق پاکستان میں تقریباً دو کروڑ افراد ذیابیطس کا شکار ہیں۔ ذیابیطس کے عالمی دن کے حوالے سے ایک ذیابیطس سینٹر میں کام کرنے والے ماہرین کی رائے لی گئی تو معلوم ہوا کہ پاکستان میں چائے بہت زیادہ پی جاتی ہے اور چائے میں چینی کا استعمال اور کولڈ ڈرنکس پینے کا رجحان ذیابیطس کے رجحان میں اضافہ کررہا ہے۔

سفید چینی کا براہ راست استعمال اس وقت شوگر بڑھانے میں بہت کردار ادا کررہا ہے۔ سفید چینی لوگ بہت زیادہ استعمال کرتے ہیں۔ چائے کے اندر۔ اس کے علاوہ کولڈ ڈرنکس بہت زیادہ ہیں۔ ان میں چینی بہت زیادہ ہوتی ہے۔

تو کیا اس کا حل براؤن شوگر یا گڑ ہے؟ اس حوالے سے بات کرتے ہوئے ماہر صحت کا کہنا ہے کہ چینی چینی ہے، چاہے براؤن شوگر ہو یا گڑ۔ 'نقصان دونوں کا ہی ہے خواہ وہ چینی ہے۔ گڑ ہے۔ شکر ہے۔ شہد ہے۔ کسی بھی شکل میں شوگر ہو وہ مریض کے لیے نقصان دہ ہے۔

برطانوی تنظیم ذیابیطس یو کے کے مطابق 1921 میں سر فریڈرک جی بانٹنگ، چارلس ایچ بیسٹ اور جے جے آر میکلوڈ نے یونیورسٹی آف ٹورونٹو میں انسولین دریافت کی تھی، جس کے بعد مریضوں کو دینے کے لیے اس کی پیداوار بھی شروع ہوگئی۔

2021 میں اس اہم دریافت کو پورے ایک سو سال کا عرصہ بیت چکا ہے لیکن مصنوعی انسولین اب بھی مہنگی ہے اور تاحال کئی ممالک میں غریب مریضوں کی اس تک پہنچ محدود ہے۔ مستحق مریضوں تک انسولین مفت پہنچانے کے مشن کو بھی یقینی بنایا جائے

اگرچہ ہمارے ہاں رجسٹر ہونے والے مستحق مریضوں کو انسولین کی خوراک مفت فراہم کی جاتی ہے۔ گذشتہ ایک سال میں تقریباً ستائیس سو مستحق مریضوں کو انسولین کی خوراکیں مفت فراہم کی گئی ہیں۔ ویب سائٹ 'میوکلنک' کے مطابق ذیابیطس ایک مہلک اور دائمی مرض ہے جس میں انسانی جسم میں لبلبہ انسولین کا اہم ہورمون نہیں بنا پاتا ہے، جس کی وجہ سے خون میں گلوکوس (چینی) کی مقدار کنٹرول نہیں ہو پاتی۔ گلوکوس انسانی خلیوں کے لیے توانائی کا اہم ذریعہ ہے، اس کا خون میں زیادہ یا کم ہونا دونوں ہی صحت کے لیے ٹھیک نہیں۔ مرض کی علامات میں پیشاب زیادہ آنا، بھوک زیادہ لگنا، پیاس زیادہ لگنا اور پسینہ زیادہ آنا شامل ہیں۔

ذیابیطس کے مریضوں کو اکثر زندگی بھر انسولین کو کنٹرول کرنے کے لیے گولیاں کھانی پڑتی ہیں اور زیادہ شدید کیسوں میں انسولین کے انجیکشن لگانے پڑتے ہیں۔ ذیابیطس وقت کے ساتھ ساتھ آنکھوں، پٹھوں، اعصاب، گردے اور ہاتھوں پیروں پر اثر انداز ہوتی ہے۔ کچھ مریض کو پیروں یا ہاتھوں کی انگلیوں میں گینگرین بھی ہو جاتا ہے، جس سے کبھی کبھی انہیں کاٹ دینا پڑتا ہے۔ ذیابیطس کے سینٹر میں مصنوعی اعضا بنانے والے محکمے کے سربراہ کامران سلیم اعوان نے بتایا کہ شوگر کی وجہ سے پاؤں میں بہت زیادہ جلن ہونا، اس کی شکل میں تبدیلی ہوجانا یا پھر پاؤں اتنے سونا شروع ہوجانا کہ جوتے اتر جائیں لیکن آپ کو احساس نہ ہو تو یہ خطرناک علامات ہیں۔ اور یہ سچ ہے کہ شوگر کا مرض وہ خاموش قاتل ہے جو انسانی زندگی کو خاموشی سے۔ موت کے گھاٹ اُتار دیتا ہے۔

انتہائی معذرت کے ساتھ

جتنے لوگ رائیونڈ اجتماع میں جمع ہوتے ہیں اگر یہی لوگ اپنی سماجی اخلاقی ذمہ داریوں کو کما حقہ ادا کریں تو پاکستان جنت نظیر بن جائے۔ یہ جتنے محرم و یوم علی کے جلوسوں میں سینہ کوبی کرنے اہلبیت کی محبت میں روتے، 1400 سال پہلے ہوئی دہشت گردی پر احتجاج کرنے نکلے ہوتے ہیں یہ اہلبیت کا درس اپنے اعمال سے پھیلانے لگ جائیں تو سماج میں کوئی دہشتگرد پیدا نہ ہو۔ جتنے لوگ ہر سال حج پر جاتے ہیں، اگر وہی سدھر جائیں تو سماج سدھر جائے، جس قدر امام اور خطیب ہیں اگر وہی اپنے قول وفعل کا تضاد ختم کرلیں تو پاکستان ریاست مدینہ بن جائے۔ جو دو لاکھ حفاظ اور لاکھوں علماء ہر سال معاشرے کی مین اسٹریم میں داخل ہوتے ہیں وہی صحیح معنوں میں مسلمان بن جائیں تو معاشرے کا سماجی سرطان ختم ہوجائے۔

ان سارے نیک لوگوں کا نیکی کا تصور ہی مسخ شدہ ہے، سماج بدکار لوگوں کی بدکاری سے کم اور ان بانجھ نیک لوگوں کی وجہ سے زیادہ خراب ہے۔ ان نیک لوگوں کی نیکی سماج کیلئے کاؤنٹر پروڈکٹیو ہے، انہوں نے بس نمازوں کو ہی نیکی سمجھ رکھا ہے۔ حج کو ہی نیکی سمجھ رکھا ہے، ماتم کو ہی نیکی سمجھ رکھا ہے، حفظ کو ہی نیکی سمجھ رکھا ہے۔ اسی نیکی نے ان کو جھوٹ بولنے، وعدہ خلافی کرنے، دوسروں کی زمین غصب کرنے، مسلمانوں کی املاک کو نقصان پہنچانے، والدین کے اور اولاد وازواج کے حقوق ادا نہ کرنے پر جری کررکھا ہے۔ ان کا پڑوسی نہ امن میں ہے نہ سکون میں ہے۔ ان کو پیشاب کا قطرہ نکلنے کی تو فکر ہے مگر غلاظت کو صاف رکھنے کی کوئی فکر نہیں۔ یہ روزانہ بالٹیاں بھر کر کچرا باہر پھینکتے ہیں اور ان کے ضمیر میں کوئی خلش نہیں ہوتی کیونکہ یہ سب نیک ہیں۔

ان میں سے اکثر والدین کے نافرمان، بیویوں اور اولاد کے حقوق کی خلاف ورزی کرنے والے اور اپنی یتیم بھتیجے بھتیجیوں کی زمین دبا لینے والے ہیں۔ ان کو دور کشمیر، فلسطین، برما اور روانڈا کے مسلمانوں کی فکر ہے مگر اپنے ہی گاؤں میں اپنی یتیم بھتیجی کی کوئی فکر نہیں کہ وہ کہاں سے کھا رہی ہے اور کیسے گذر بسر کررہی ہے۔ الٹا مشترکہ زمین میں سے اس یتیم کا حصہ بھی نہیں دیتے مگر سال کا عمرہ و حج بھی نہیں چھوڑتے۔ آدھے نیک لوگ پورے برے انسان سے زیادہ خطرناک ہوتے ہیں جیسے منافق کافر سے زیادہ خطرناک ہوتا ہے اور زیادہ سزا کا حقدار ہے اگرچہ نماز رسول اکرم صلی اللہ علیہ والہ وسلم کے پیچھے پہلی صف میں ہی پڑھتا ہو۔

ہمارے منبر، ہمارے جمعہ المبارک کے خطبے، وہ کیا ہیں۔ جمعہ کا مقصد کیا تھا؟۔ یہی کہ ہر

سمیع اللہ ملک

ساتویں دن مسلمان جمع ہوں اور ایک دوسرے کے حالات سے باخبر رہنے کے ساتھ ان کو درپیش مسائل کو نئے دور کے تقاضوں کے مطابق حل کرنا۔ منبر سے سماجیات، رہن سہن اور بنیادی میسرز کی تبلیغ کرنا اور حقوق العباد کے مختلف پہلوؤں پر روشنی ڈالنا کہ جس کا ذکر عبادات کے ذکر سے کئی گنا زیادہ ہے۔ کلام مجید میں آیا ہے اور جس پر اللہ نے پکڑ سخت رکھی کہ وہ خود ہی فرماتا ہے "اپنے حق میں معاف کرسکتا ہوں مگر بندوں کے حق معاف نہیں ہوں گے اور خطبوں میں ہوتا کیا ہے؟ وہی داستان، وہی قصے جو بچپن سے سنتے آئے، جو ازبر ہو چکے یا کوئی بھلے شاہ واقبال سنا دے گا۔ یا پھر کسی مسلک پر بدعت وکفر کے فتوے، یا کسی کلمہ گو گروہ پر نکتہ چینی، یا کفار کو بددعائیں، وقت پورا، نماز پڑھیں اور اللہ اللہ خیر صلا۔۔۔

اگر یہ نمازیں، روزے، حج، عمرے، ماتمی جلوس، مجالس، میلاد محافل، تبلیغی اجتماعات، دعوت کانفرنسیں، لنگر، سبیلیں، وغیرہ وغیرہ آپ کو انسان نہیں بنا رہے یا آپ کو برائی سے نہیں روک رہے یا آپ کے اندر کوئی مثبت تبدیلی نہیں پیدا کررہے تو لکھ لو کہ یہ سب اعمال آپ کے کے منہ پر ویسے ہی مارے جائیں گے جیسے خدا کہتا ہے کہ اگر نماز تمہیں راہ راست پر نہیں لا رہی اور برے کام سے نہیں روک رہی تو وہ نماز تمہارے منہ پر دے ماری جاتی ہے۔ مگر ان سارے نیک لوگوں کا بون میرو سماج کے بون میرو سے میچ نہیں کرتا لہذا معاشرے کا کینسر بھی ختم نہیں ہو رہا۔ مسئلہ برے لوگ نہیں مسئلہ نیک لوگ ہیں جن کا تصور نیکی محدود اور مسخ شدہ ہے۔

ارض وطن کے باسی ان دنوں ایک شدید عارضہ میں مبتلا ہو رہے ہیں جس کی بنیادی وجہ ان کے ہاتھوں میں موجود ان کا موبائل فون اور اس پر سوشل میڈیا کی طرف سے پھیلائی ہوئی جھوٹی خبروں، افواہوں کی بھرمار اور اسے بغیر تصدیق کے فوری طور پر آگے اپنے احباب کو بھیجنے کا وہ عمل ہے جس نے نہ صرف ہماری ذاتی زندگی کے شب وروز کو برباد کرکے رکھا ہوا ہے بلکہ ہم اس گناہ بے لذت میں بری طرح مبتلا ہو چکے ہیں۔ یوں تو میں گاہے بگاہے اس موضوع پر کئی مرتبہ لکھ چکا ہوں لیکن یوں محسوس ہو رہا ہے کہ خاکم بدہن ہم تیزی سے عذاب الٰہی اور غیض وغضب کو دعوت دینے پر تلے ہوئے ہیں۔

ای آوازی سی ای او عارفہ بہن کی دعوت پر کینیڈا کے سفر کیلئے جہاز میں بیٹھنے کی تیاری کررہا تھا کہ عمران خان کے کنٹینر پر دوران لانگ مارچ فائرنگ کی افسوس ناک خبر ملی جس میں زخمیوں کے علاوہ ایک کی جان بھی چلی گئی۔ دکھ تو اس بات کا ہے کہ ان سامنے سے ہم کوئی سبق سیکھیں بلکہ الٹا ایک دوسرے پر بے سروپا الزامات اور مورد الزام ٹھہرانے کی خبروں نے سوشل میڈیا کے کاروبار کو وسعت دے دی ہے اور یہ اسی صورت میں ختم ہوسکتا ہے جب ہم ایسی خبروں کو آگے ارسال کرنا بند کردیں اور سیاسی اختلافات کے باوجود انسانیت کے ناتے اپنے دلوں میں اپنے مخالفین کا درد محسوس کریں۔ پہلے ایسے ابتر حالات میں اسٹیبلشمنٹ حکومت اور اپوزیشن کو ایک میز پر بٹھا کر مصالحانہ کردار ادا کرتی تھی لیکن اب بدقسمتی سے ان کو بھی ایک فریق بنا کر پیش کیا جا رہا ہے تو اس سلسلے میں سپریم کورٹ ہی ایک ایسا ادارہ بچا ہے جو حکومت اور اپوزیشن کو ایک میز پر بٹھا کر کسی ایسے فیصلے پر لاسکتا ہے جہاں اس ملک کو ممکنہ خطرات سے نجات مل سکے۔

شہریوں کے لیے تقریبات

گیارہ نومبر 2022 کو اوکاڑہ کے عام اور خاص شہریوں کے لیے الگ الگ دو بڑی تقریبات جناح اسٹیڈیم اور زیر تعمیر عمارت اوکاڑہ جمخانہ کے لان میں منعقد کی گئیں، دونوں کا مقصد شہریوں کو اچھی اور معیاری تفریح فراہم کرنا تھا، جناح اسٹیڈیم میں منعقدہ کبڈی میچ کے لیے داخلہ فری تھا، جبکہ اوکاڑہ جمخانہ میں رات کو ہونے والے میوزک اور ڈنر پروگرام کا داخلہ باقاعدہ ممبر شپ حاصل کرنے والوں کے لیے انیس سو پچاس روپے اور مہمانوں کے لیے تین ہزار روپے فی کس رکھا گیا تھا، اشرافیہ اور اُنکے مہمانوں کے لیے ہونے والے پروگرام میں گلوکارہ سائرہ رضا خاں، ببو رانا اور اللہ رکھا نے حاضرین کو اپنی پرفارمنس سے محظوظ کیا، سانچ کے قارئین کرام! ایک دن میں دو تقریبات کا حاصل یقیناً اچھا ہی ہوا، چند گھنٹو

شال بقیہ 1

پیک کی ترقی اور تعاون کی نئی شکلوں اور جہتوں کی جدید مثال قائم کرے گا، نئے سال کو "پاک چین نور ازم اور اسپیچ" کے طور پر منانے کا فیصلہ کیا گیا ہے اور اس ضمن میں بیجنگ کے پیلس میوزیم میں گندھارا آرٹ نمائش کا خصوصی اہتمام کیا جائے گا جس میں پاکستان کے متنوع کلچر اور چین کے ساتھ پاکستان کے تاریخی تعلقات کو موثر انداز میں پیش کیا جائے گا۔ ان خیالات کا اظہار انہوں نے انسٹی ٹیوٹ آف انٹرنیشنل ریلیشنز اینڈ میڈیا ریسرچ کے زیر اہتمام "20ویں سی پی سی کانگرس، پارٹی پالیسی، پراسپیکٹس اور اس کے پاک چین تعلقات پر اثرات" کے موضوع پر سیمینار سے خطاب کرتے ہوئے کیا۔ اس موقع پر انسٹی ٹیوٹ آف انٹرنیشنل ریلیشنز اینڈ میڈیا ریسرچ کے چیئرمین محمد مہدی، صدر یاسر حبیب خان، پاکستان کے ساتھ ایڈیشنل خارجہ سیکرٹری نذیر حسین، یونیورسٹی آف سنٹرل پنجاب کے ہیڈ آف ڈیپارٹمنٹ ڈاکٹر ولید احمد خان اور دیگر بھی موجود تھے۔ چینی قونصل جنرل ژاؤ شیریں نے کہا کہ 20ویں سی پی سی کانگرس کے پاک چین تعلقات پر مثبت اثرات مرتب ہوئے ہیں، کانگرس کے اختتام پر پوری دنیا سے سب سے پہلے پاکستان کے وزیراعظم شہباز شریف کا ہیڈ آف اسٹیٹ کے طور پر چین کا دورہ اور صدر شی جن پنگ سے ملاقات اس بات کا واضح ثبوت ہے کہ چین پاکستان کو پوری دنیا میں ایک خاص مقام اور عزت دیتا ہے۔ ملاقات کے اختتام پر پاکستانی اور چینی قیادت نے ایم ایل ون اور کراچی سرکلر ریلوے کے منصوبوں پر فوری طور پر عملدرآمد کرنے پر مکمل رضامندی کا اظہار کیا۔ انہوں نے کہا کہ پاکستان میں سیلاب زدگان کی مدد کے لئے چین کی طرف سے تقریباً 36 ارب روپے سے زائد کی امداد فراہم کی گئی ہے۔ آئی آئی آر ایم آر کے چیئرمین محمد مہدی نے کہا کہ چین کی حالیہ تاریخ میں دو انقلابات آئے ہیں، ایک انقلاب چین کے انقلابی صدر ماؤزے تنگ لائے اور دوسرا انقلاب صدر شی جن پنگ کی قیادت میں آیا جس میں انہوں نے چین کو ایک معتدل خوشحال ملک بنا کر انتہائی غربت کا مکمل خاتمہ کیا۔ انہوں نے کہا کہ چین کی 20ویں نیشنل کانگرس نے پوری دنیا میں امن اور ترقی کا پیغام دیا ہے اور پاک چین تعلقات پر بھی گہرے اثرات مرتب کئے ہیں۔

شال بقیہ 2

حق کسانوں کو بیج فراہم کئے جائیں گے گندم کے بیجوں کی تقسیم میں شفافیت کے لئے وزیراعلیٰ معائنہ ٹیم کو نگرانی کی ذمہ داری سونپی گئی ہے۔ دریں اثناء وزیراعلیٰ بلوچستان میر عبدالقدوس بزنجو نے کہا ہے کہ شعبہ زراعت کی بحالی اور سیلاب سے متاثرہ کسانوں کی معاونت ہماری حکومت کی اولین ترجیح ہے اپنے ایک ٹویٹ میں وزیراعلیٰ نے کہا ہے کہ صوبے کے تمام اضلاع میں 2.2 ارب روپے کی لاگت سے کسانوں کو بلا معاوضہ گندم کے بیجوں کی فراہمی کا عمل جاری ہے اور ایک لاکھ سے زائد کسان اس پروگرام سے مستفید ہو کر پھر سے اپنے پیروں پر کھڑے ہو سکیں گے۔ شعبہ زراعت کی بحالی اور سیلاب سے متاثرہ کسانوں کی معاونت ہماری حکومت کی اولین ترجیح ہے۔ 2.2 ارب روپے کی لاگت سے کسانوں کو بلا معاوضہ گندم کے بیجوں کی فراہمی کا عمل جاری ہے ایک لاکھ سے زائد کسانوں کو گندم کے بیج فراہم کیئے جا رہے ہیں۔ دریں اثناء وزیراعلیٰ بلوچستان میر عبدالقدوس بزنجو کی قیادت اور صوبائی وزیر زراعت میر اسد بلوچ کی نگرانی میں سیلاب سے متاثرہ اضلاع کے کسانوں کو گندم کے بیجوں کی بلا معاوضہ تقسیم کے پروگرام پر عملدرآمد کا آغاز کر دیا گیا ہے صوبائی کابینہ کی منظوری سے پروگرام کے لیے 2.2 ارب روپے کا اجراء کیا گیا ہے جبکہ ٹینڈرنگ کے عمل کے ذریعہ گندم کے بیجوں کی 50 کلوگرام کی 3 لاکھ 81 ہزار بوریوں کی خریدی گئی ہیں پروگرام سے صوبے کے 34 اضلاع کے ایک لاکھ سے زائد کسان مستفید ہوں گے اس اقدام کا مقصد سیلاب کے بعد گندم کی قلت کے خدشہ کو ختم کرنا ہے صوبہ بھر میں ربیع کے سیزن میں 3.1 ملین ایکڑ رقبہ پر گندم کاشت کی جاتی ہے ضلعی انتظامیہ اور محکمہ زراعت کے زریعہ مستحق کسانوں کو بیجوں کی فراہمی جاری ہے گندم کے بیجوں کی تقسیم میں شفافیت کے لیے وزیراعلیٰ معائنہ ٹیم کو نگرانی کی ذمہ داری سونپی گئی ہے۔

شال بقیہ 3

سلمان نے ایشیا کا دورہ ملتوی کیا ہے صرف پاکستان کا دورہ ملتوی نہیں کیا۔ انہوں نے کہا کہ دوسرے ممالک کے تجزیہ کار اپنے حکمرانوں کو رائے دے رہے ہیں اور ان کا تجزیہ یہ ہے کہ موجودہ حکمرانوں سے تعلق پاکستان کے عوام سے لاتعلقی کا اظہار ہوگا لہذا پاکستان سے لانگ ٹرم تعلقات میں دلچسپی رکھنے والا کوئی بھی ملک موجودہ حکمرانوں سے فاصلہ رکھے گا۔

شال بقیہ 4

شہباز شریف اور دیگر سیاست دانوں نے پاکستان کی جانب سے کم اسکور کرنے کے باوجود بھرپور مقابلہ کرنے پر قومی ٹیم کی کارکردگی کو سراہا۔ صدر مملکت ڈاکٹر عارف علوی نے فائنل میچ کے فوری بعد ٹویٹ کرتے ہوئے کہا کہ عمدہ آل راؤنڈر کارکردگی کا مظاہرہ کرتے ہوئے ورلڈ کپ جیتنے پر انگلینڈ کو مبارک، پاکستان ٹیم آپ نے اچھا کھیلا، کم اسکور کے باوجود اچھی باؤلنگ کی اور اپنی پوری کوشش کی۔ وزیراعظم شہباز شریف نے سماجی رابطے کی ویب سائٹ پر بیان جاری کرتے ہوئے کہا کہ پاکستانی ٹیم نے بہادری سے مقابلہ کیا اور بہترین باؤلنگ کا مظاہرہ کیا۔ انہوں نے کہا کہ انگلینڈ کی ٹیم زیادہ اچھا کھیلی، اس میگا ٹورنامنٹ کے فائنل میں پہنچنے پر ہمیں پاکستانی کھلاڑیوں پر فخر ہے۔ پاکستان مسلم لیگ (ن) کی جانب سے ٹویٹ کی گئی کہ آپ چیمپئن کی طرح کھیلے، ہمارے لیے آپ ہمیشہ چیمپئن ہیں۔ پاکستان تحریک انصاف نے کہا کہ پاکستان کی بہترین ٹیم پر فخر ہے، ٹیم پاکستان نے شان دار مقابلہ کیا۔ امیر جماعت اسلامی سراج الحق نے قومی ٹیم کی کارکردگی کو سراہتے ہوئے کہا کہ ورلڈ کپ کے دوران یک جان ہو کر شاندار کوشش کی اور زبردست کھیل پیش کیا، دنیائے کرکٹ اس کا اعتراف کرتی نظر آرہی ہے، قوم کو آپ پر فخر ہے۔ امیر جماعت اسلامی کراچی حافظ نعیم الرحمن نے شاداب خان اور نسیم شاہ کی باؤلنگ کی تعریف کی اور انتظامیہ پر تنقید کرتے ہوئے کہا کہ انہیں اب میرٹ کا سوچنا چاہیے۔ پی ٹی آئی کے رہنما اسد عمر نے کہا کہ پاکستانی ٹیم ٹورنامنٹ میں بہت اچھا کھیلی، دنیا کی سب سے بہترین محدود اوورز کی ٹیم انگلینڈ نے ورلڈ کپ میں کامیابی حاصل کی۔

شال بقیہ 5

ٹی ٹوئنٹی صدر کا دورہ ریسکیل کروایا تھا، اب 21 نومبر والے دھرنے کے اعلان سے سعودی عرب کے ولی عہد اور وزیراعظم کا دورہ ملتوی ہوا۔ انہوں نے کہا کہ عمران خان سوائے اپنے مفادات کے علاوہ کوئی سوچ نہیں رکھتا، ملک و قوم کے مفادات کے کوئی معنی نہیں، یہ شخص ملک کے خلاف ایجنڈا پر کام کر رہا ہے۔

شال بقیہ 6

ہیں، آئی ایم ایف پروگرام پورا کریں گے، موجودہ مالی سال 32 سے 34 ارب ڈالر کی ضرورت ہے، امید ہے کہ یہ رقم جمع کر لی جائیگی۔

شال بقیہ 7

کو نہیں، بلکہ اپنی حکومتوں کو قصور وار مانتا ہوں۔ چیئرمین پی ٹی آئی نے کہا کہ میرے مستقبل کے منصوبوں میں پاک فوج تعمیری کردار ادا کر سکتی ہے، طاقت کہیں اور ہو تو منتخب حکومت عوامی توقعات پر پورا نہیں اتر سکتی، نئے سپہ سالار کی تقرری میرٹ پر چاہتا ہوں۔

شال بقیہ 8

سے ملک کے طول و عرض میں ریلوے، روڈ، بجلی سمیت بنیادی ڈھانچہ کو 33 ارب ڈالر سے زیادہ کا نقصان پہنچایا ہے۔ انہوں نے کہا کہ اس سیلاب سے سڑکیں، گرڈ سٹیشن، ریلوے لائنز، سکول اور صحت کا بنیادی ڈھانچہ مکمل طور پر تباہ ہوا ہے، حتیٰ کہ سیلاب کی بیشگی اطلاع دینے والے مراکز بھی سیلاب کی نذر ہو گئے۔ انہوں نے کہا کہ سیلاب سے بنیادی ڈھانچہ کو پہنچنے والے نقصانات کی بحالی کیلئے 30 ارب ڈالر سے زیادہ کا تخمینہ لگایا گیا ہے۔ شیری رحمان نے کہا کہ 33 ملین سے زیادہ متاثرین سیلاب کو سردیوں سے تحفظ دینا ہوگا کیونکہ سردی کی شدت میں ہونے والے اضافے سے ان کیلئے مزید مشکلات پیدا ہو رہی ہیں۔

شال بقیہ 9

ہو جائیں۔ اسد عمر نے کہا کہ یوائی ہو رہی لیکن حکومت گندم کی سپورٹ پرائس کا فیصلہ نہیں کر پائی، آدھا نومبر آ گیا لیکن گنے کا ریٹ نہیں جاری ہوا، 150 والا ڈیزل کسان کو 240 میں بھی نہیں مل رہا، حکومت کے پاس عوام کے لیے فیصلے کرنے کا بھی وقت نہیں۔

شال بقیہ 10

رہی ہے، موسمیاتی تبدیلی سے متاثرہ افراد کی بحالی ہماری مشترکہ ذمہ داری ہے، دنیا کو موسمیاتی تبدیلی سے پیدا ہونے والے خطرات سے نمٹنا ہوگا۔ اتوار کو مصر میں انٹر پارلیمنٹری یونین کے اجلاس سے خطاب کرتے ہوئے وفاقی وزیر ماحولیاتی تبدیلی شیری رحمان نے کہا کہ دنیا کو موسمیاتی تبدیلیوں کے خطرات سے نمٹنے کیلئے مشترکہ اقدامات کرنا ہوں گے۔ انہوں نے کہا کہ پاکستان میں آنے والے حالیہ سیلاب سے جتنی تباہی ہوئی ہے پہلے کبھی نہیں دیکھی گئی۔ انہوں نے کہا کہ سیلاب سے ملک کے طول و عرض میں ریلوے، روڈ، بجلی سمیت بنیادی ڈھانچہ کو 33 ارب ڈالر سے زیادہ کا نقصان پہنچا ہے۔ انہوں نے کہا کہ اس سیلاب سے سڑکیں، گرڈ سٹیشن، ریلوے لائنز، سکول اور صحت کا بنیادی ڈھانچہ مکمل طور پر تباہ ہوا ہے، حتیٰ کہ سیلاب کی پیشگی اطلاع دینے والے مراکز بھی سیلاب کی نذر ہو گئے۔ انہوں نے کہا کہ سیلاب سے بنیادی ڈھانچہ کو پہنچنے والے نقصانات کی بحالی کیلئے 30 ارب ڈالر سے زیادہ کا تخمینہ لگایا گیا ہے۔ شیری رحمان نے کہا کہ 33 ملین سے زیادہ متاثرین سیلاب کو سردیوں سے تحفظ دینا ہوگا کیونکہ سردی کی شدت میں ہونے والے اضافے سے ان کیلئے مزید مشکلات پیدا ہو رہی ہیں۔ وفاقی وزیر ماحولیاتی تبدیلی نے کہا کہ موسمیاتی تبدیلی سے تباہی کے شکار متاثرین سیلاب کی بحالی اور مدد ہم سب کی مشترکہ ذمہ داری ہے۔ انہوں نے کہا کہ عالمی درجہ حرارت میں اضافہ سے مستقبل میں مزید قدرتی آفات آئیں گی۔ شیری رحمان نے کہا کہ عالمی درجہ حرارت میں مسلسل اضافہ سے گلیشیئرز تیزی سے پگھل رہے ہیں جن کے نتیجہ میں جھیلیں پھٹنے کے واقعات بھی بڑھ رہے ہیں۔

شال بقیہ 11

طور پر وسائل کی ضیاع روکنے اور تہذیب و معاشرت میں توانائی و دانش کو فروغ دیا جا سکے قومی شناخت اور درست مقاصد کے لئے جدوجہد و جستجو اور تخلیق و تدبیر کی نئی جہتیں تلاش کرنے کا ادراک و احساس زندہ معاشرے کی پہچان ہے، ریاستی مقتدرہ و اشرافیہ اور اسٹیبلشمنٹ کو فریز کئے بغیر تعمیر نو و دانش مندی کی آرزومندی ممکن نہیں ہے ان خیالات کا اظہار 21 ویں صدی کے معروف و ممتاز دانشور و مصنف پروفیسر ڈاکٹر محمد عارف خان کی قیادت میں اعلیٰ سطحی وفد نے پشتون خواہ ملی عوامی پارٹی کے سربراہ و پی ڈی ایم کے مرکزی رہنما محمود خان اچکزئی سے ملاقات و تبادلہ خیال کے موقع پر خصوصی گفتگو کرتے ہوئے کہا وفد نے اچکزئی صاحب سے کوئٹہ میں ان کے رہائش گاہ پر تفصیلی ملاقات کی وفد میں مجلس فکر و دانش علمی و فکری مکالمے کے سربراہ عبدالمتین اخونزادہ، محاذ استقلال کشمیر کے سربراہ محمد سلیم وانی ایڈووکیٹ، نوید اقبال، وقاص احمد خان اور ریان احمد خان بھی شامل تھے محمود خان اچکزئی نے کہا کہ قومی سوال کا تقاضا ہے ہم متحد ہو کر عوام و نوجوانوں کے مسائل اور سیاسی تربیت و تعلیم کا انتظام کریں ریاست و حکومت کی ذمہ داری ہوتی ہے کہ وہ خطے کو خوفناک صورت حال سے نکالنے کے لئے قومی بیانیہ تشکیل دیں افغانستان میں حکومتوں کی تبدیلیاں ناروا ضابطے و جنگوں سے نہیں بلکہ جمہوری نظام زندگی و سماجیات کے امکانی مستقبل کے لئے جرگے و تمدنی ترقی کا راستہ اختیار کیا جانا چاہئے تاکہ ممکنہ طور پر خوفناک الزام تراشیوں اور خانہ جنگیوں سے قوم و ملت کو نکال سکیں کشمیریوں کے حق خودارادیت کا موقع فراہم کیا جانا اقوام عالم اور باضمیر انسانوں کی بنیادی ذمہ داری ہیں جسے بالآخر پورا ہو کر رہنا ہے۔

شال بقیہ 12

گولرز اور سیکیورٹی لیسرے نصب کئے جائیں گے، حکومتی ذرائع کے مطابق رواں سال کے ماہ اگست میں تیز بارشوں و سیلابی ریلوں کے باعث ہرک برج ٹوٹ گیا تھا جس کے بعد گزشتہ تین ماہ سے بلوچستان کا بذریعہ ریل ملک بھر سے رابطہ منقطع ہے تاہم حکومتی ذرائع کا کہنا ہے کہ محکمہ ریلوے کی جانب سے 20 نومبر تک بچ اسٹیشن کے ذریعے جعفر ایکسپریس بحال کی جائے گی اس سلسلے میں مچھ سے کوئٹہ تک مسافروں کو بسوں کے ذریعے بھجوایا جائے گا جس کے لئے بلوچستان حکومت سکیورٹی فراہم کرے گی۔ ذرائع کے مطابق ہرک برج پر 50 فیصد کام مکمل کر لیا گیا ہے۔

شال بقیہ 13

شدت میں اضافے کے باعث پیس پریشر میں کمی نے عوام کی مشکلات میں اضافہ کر دیا ہے تفصیلات کے مطابق وادی کوئٹہ سمیت بلوچستان کے شمالی علاقوں میں ہونے والی بارشوں کے دوبارہ شروع ہونے کے بعد سردی کی شدت میں اضافے کی وجہ سے گیس پریشر میں کمی اور گیس کی بندش نے شہریوں کی مشکلات میں اضافہ کر دیا ہے جب کہ گیس پریشر میں کمی کے خلاف شہریوں نے گزشتہ روز بھی احتجاج کیا تھا اس کے باوجود سوئی سدرن گیس کمپنی کی جانب سے گیس پریشر میں کمی اور اس کی بندش کے مسئلے کے حل کے لئے کوئی اقدام نہیں اٹھایا کوئٹہ کے علاقے جناح ٹاؤن اور دیگر علاقوں میں رات کو مختلف اوقات میں گیس کی بندش روز کا معمول بن چکی ہے جس کی وجہ سے علاقہ مکینوں کو مشکلات درپیش آرہی ہیں اتوار کی شب وادی کوئٹہ سمیت بلوچستان کے شمالی علاقوں زیارت کان مہترزئی قلعہ عبداللہ کوزئی قلعہ سیف اللہ ژوب قلات مستونگ اور دیگر علاقوں میں بارش اور یخ بستہ ہوائیں چلنے سے سردی کی شدت میں اضافہ ہو گیا کوئٹہ قلات اور زیارت میں علاقہ مکینوں کو گیس کے بھاری بھرکم بلوں کی ادائیگی کے باوجود گیس پریشر میں کمی اور بندش جیسے مسائل سے نجات نہیں دلائی گئی۔

شال بقیہ 14

خلاف 15 نومبر 2022 کو صبح 10 بجے سریاب میں سوئی سدرن گیس کمپنی کے خلاف احتجاج کیا جائے گا۔ نیشنل پارٹی اور دیگر سیاسی کارکن، طلبا آرگنائزیشن اور مزدور تنظیموں اور انجمنوں سے اپیل ہے کہ سوئی سدرن گیس کمپنی کے خلاف ہونے والے احتجاج میں ہمارا ساتھ دیں۔

شال بقیہ 15

ہے۔ اطلاعات کے مطابق گزشتہ روز ٹریفک حادثہ شاہ نورانی مزار کے قریب ٹریفک حادثہ میں زین نامی شخص جاں بحق ہو گیا ہے ایدھی ذرائع کے مطابق لاش کو ایدھی ایمبولینس کے کراچی سول ہسپتال منتقل کر دیا گیا ہے جاں بحق ہونے والا زین نامی شخص کراچی کا رہائشی ہے۔

شال بقیہ 16

شائقین کے دل جیت لیے وزیراعلیٰ نے کہا کہ ورلڈ کپ کا فائنل کھیلنا بھی اعزاز ہے امید ہے کھلاڑی حوصلہ نہیں ہاریں گے۔

شال بقیہ 17

فی کلو قیمت 190 اور ٹماٹر کی 220 روپے تک پہنچ گئی، ایک روز قبل پیاز 150 روپے اور ٹماٹر 180 روپے فی کلو میں فروخت کی جا رہی تھی، اسی طرح ادرک کی فی کلو قیمت میں 80 روپے کا اضافہ ہوا ہے، ادرک کی فی کلو قیمت 400 سے بڑھ کر 480 روپے فی کلو ہو گئی ہے، مٹر فی کلو 280 روپے اور بھنڈی 180 روپے میں فروخت کی جا رہی ہے، سبز مرچ کی قیمت میں بھی کمی نہ آسکی، 400 روپے فی کلو میں فروخت جاری ہے۔

شال بقیہ 18

ورکنگ پارٹی (سی ڈی ڈیلوپمنٹ) نے دی۔ پی ایس ڈی پی 23-2022 میں اس منصوبے کے لیے 18 ارب روپے پہلے ہی مختص کیے جا چکے ہیں۔ ملٹی انٹرنیشنل پاورٹی انڈیکس (ایم پی آئی) کے اسکور کی بنیاد پر منتخب 20 اضلاع میں بلوچستان کے 11، سندھ کے 5، خیبر پختونخوا کے 3 اور پنجاب کا ایک ضلع شامل ہے، ان 20 اضلاع میں سے خاص طور پر بلوچستان اور سندھ کے کئی ایسے اضلاع بھی شامل ہیں جو کہ حالیہ تباہ کن سیلاب کی تباہ کاریوں سے براہ راست بری طرح متاثر ہوئے۔ بلوچستان کے 11 اضلاع میں شیرانی، کوہلو، جھل مگسی، بارکھان، قلعہ عبداللہ، ژوب، موسیٰ خیل، ڈیرہ بگٹی، جعفر آباد، زیارت اور قلعہ سیف اللہ شامل ہیں، سندھ میں 5 اضلاع میں سجاول، ٹھٹہ، تھرپارکر، کشمور اور بدین جب کہ خیبر پختونخوا کے 3 اضلاع تورغر، شانگلہ اور شمالی وزیرستان شامل ہیں، ان کے علاوہ پنجاب کا ایک ضلع راجن پور بھی شامل ہے۔ منصوبوں کے تحت ان اضلاع میں رابطہ سڑکوں کی بحالی، براڈ بینڈ سروسز، انٹرنیٹ تک رسائی، گرڈ اسٹیشنز سے دور علاقوں میں سولر پینل کی تنصیب کے ذریعے بجلی کی فراہمی، ایل پی جی ٹرمینلز کا قیام، زرعی لائیو اسٹاک اور منرل ویلیو چین کی توسیع، ٹنل فرمنگ، ڈیری فارمنگ، فش فارمنگ، سرحدوں پر منڈیوں کا قیام، اسکل ڈیولپمنٹ اور طلبہ کے لیے اسکالرشپ کے شعبوں میں سرمایہ کاری کی جائے گی۔

شال بقیہ 19

اصلاحات پر بہانے تلاش نہ کرے۔ شاہ محمود قریشی نے کہا کہ ایف آئی آر کا ہمارا مطالبہ آج بھی قائم ہے۔ واضح رہے کہ گزشتہ روز سعودی عرب کے ولی عہد محمد بن سلمان نے پاکستان کا دورہ ملتوی کیا تھا، ان کی جانب سے دورے کی نئی تاریخ کا اعلان بعد میں کیا جائے گا۔

شال بقیہ 20

کے نئے رپورٹ کیسز کی تعداد 42 رہی۔ نیشنل انسٹی ٹیوٹ آف ہیلتھ (این آئی ایچ) کے مطابق گزشتہ 24 گھنٹوں کے دوران کرونا وائرس سے کوئی ہلاکت رپورٹ نہیں ہوئی، کرونا وائرس سے ہونے والی مجموعی اموات کی تعداد 30 ہزار 629 ہے۔ این آئی ایچ کے مطابق گزشتہ 24 گھنٹوں کے دوران کرونا وائرس کے 42 نئے کیسز رپورٹ ہوئے جس کے بعد ملک میں کووڈ 19 کے مجموعی کیسز کی تعداد 15 لاکھ 74 ہزار 638 ہو گئی۔ ملک میں کرونا وائرس سے صحت یاب مریضوں کی مجموعی تعداد 15 لاکھ 43 ہزار 157 ہو چکی ہے۔ این آئی ایچ کے مطابق گزشتہ 24 گھنٹوں کے دوران کرونا وائرس کے 5 ہزار 559 ٹیسٹ کیے گئے، اب تک ملک میں 3 کروڑ 9 لاکھ 27 ہزار 19 کووڈ 19 ٹیسٹ ہو چکے ہیں۔

شال بقیہ 21

میں ڈینگی وائرس کی تصدیق کی گئی ہے۔ خیبر پختونخوا کے محکمہ صحت کے مطابق صوبے میں وائرس سے متاثرہ افراد کی تعداد اکیس ہزار سے متجاوز کر گئی ہے۔ محکمہ صحت کے مطابق ڈینگی سے سب سے زیادہ پشاور شہر متاثر ہوا ہے، جہاں ایک دن میں چوراسی نئے کیسز سے متاثرہ افراد کی تعداد آٹھ ہزار نو سو سترہ ہو گئی ہے۔ دوسری جانب مردان میں تین ہزار نو سو تیس، ہری پور میں ایک ہزار چوراسی، خیبر میں ایک ہزار ایک سو تہتر اور نوشہرہ میں نو سو بتیس افراد اب تک ڈینگی وائرس سے متاثر ہوئے ہیں۔ رواں سیزن میں صوبے میں اٹھارہ افراد انتقال کر چکے ہیں، جن میں آٹھ نوشہرہ، پانچ خیبر، تین پشاور، جب کہ ایک ایک، مانسہرہ اور مردان کا شہری شامل ہے۔ مختلف ہسپتالوں میں چالیس مریض زیر علاج ہیں۔

شال بقیہ 22

بیان میں انہوں نے کہا کہ انگلینڈ نے تمام شعبوں میں اچھے کھیل کا مظاہرہ کرتے ہوئے ورلڈ کپ جیتا، پاکستان نے بھی اچھا کھیل کھیلا۔ انہوں نے کہا کہ کم اسکور کے باوجود آپ نے بھرپور کوشش کی اور اچھی باؤلنگ کی۔

شال بقیہ 23

منعقد ہوئی جس میں ڈویژنل سطح پر ژوب ڈویژن کے بوائز اور گرلز کالجز کے طلباء و طالبات کے مابین نیب کے مجوزہ مقابلہ جات کا انعقاد کیا گیا۔ جس میں تقاریر، مضمون نویسی، کیلی گرافی اور پوسٹر سازی کے مقابلے شامل تھے۔ تقریب کے مہمان خصوصی ڈویژنل مانیٹرنگ آفیسر ژوب ڈویژن پروفیسر طارق عزیز کاکڑ اور اعزازی مہمان خاص ڈپٹی کمشنر قلعہ سیف اللہ لیاقت علی کاکڑ تھے۔ جبکہ پروگرام کی صدارت پرنسپل بوائز ڈگری کالج قلعہ سیف اللہ پروفیسر عبدالواحد کاکڑ نے کی۔ دیگر شرکاء میں پرنسپل گورنمنٹ بوائز ڈگری کالج ژوب پروفیسر سید امین شاہ، پرنسپل گورنمنٹ گرلز ڈگری کالج مسلم باغ پروفیسر محترمہ صادقہ عمر کاکڑ، پرنسپل گورنمنٹ بوائز انٹر کالج کان مہترزئی پروفیسر منیر خان کاکڑ، گورنمنٹ گرلز کالج ژوب کی پروفیسر مدیحہ، سابقہ پرنسپل صاحبان گورنمنٹ بوائز ڈگری کالج قلعہ سیف اللہ پروفیسر عبدالمجید کاکڑ اور پروفیسر محمد اقبال قمر کے علاوہ بلوچستان ہائیکورٹ کے وکیل ایڈووکیٹ جلال الدین کاکڑ نمایاں تھے۔ تقریب میں شریک ژوب ڈویژن کے تینوں اضلاع شیرانی، ژوب اور قلعہ سیف اللہ کے مختلف کالجز سے آئے ہوئے طلباء و طالبات نے تمام شعبوں میں بہترین کارکردگی کا مظاہرہ کیا۔

شال بقیہ 24

میں کالج کے طلباء و طالبات نے مختلف پروگرام پیش کئے تقریب میں نمایاں کارکردگی کرنے والوں میں کالج کے ڈائریکٹر عبدالباقی بزنجو، ڈاکٹر طاہر بزنجو اور مہمان خصوصی نے انعامات تقسیم کئے تقریب

سے خطاب کرتے ہوئے مقرریں نے کہا کہ یہ ایک خوش آئند اقدام ہے کہ بلوچستان میں پہلی بار جدید نرسنگ کالج کی بنیاد رکھی گئی ہے کیونکہ اس وقت بلوچستان میں نرسنگ کے شعبہ میں کوئی خاص کام نہیں کیا گیا نرسنگ کی قلت اور سیاسی اور قبائلی اثر و رسوخ کی جگہ سے بعض جگہوں پر نرس کی جگہ پر مولوی تعینات کیے گئے ہیں انہوں نے کہا کہ اس وقت بلوچستان میں نرسنگ کی سخت قلت ہے اس ہسپتال کو کامیاب ہسپتال کہا جاتا ہے جہاں مریض کا خاص خیال رکھنا جاتا ہے اور یہ کام سارا نرسنگ سٹاف ہی کرتی ہے صوبے میں اس طرح کے معیاری اور جدید نرسنگ کالج ایک اچھا اقدام ہے۔

شال بقیہ 25

وار مقابلہ کرتے رہینگے شہید وطن شہید خان جیلانی خان اچکزئی سابق صوبائی ترجمان شہید اسد خان اچکزئی قومی ننگ و ناموس کی دفاع میں اپنی جان دے گئے ان کی جدوجہد مشعل راہ ہے ان عظیم شہدا کی برسی ایسے حالات میں منانے جا رہے ہیں جب ملک اور خطہ سیاسی و معاشی عدم استحکام کا سامنا کر رہے ہے کارکن اور ذمہ داران بھرپور شرکت کو یقینی بنائیں ان خیالات کا اظہار عوامی نیشنل پارٹی کے صوبائی صدر و صوبائی پارلیمانی لیڈر اصغر خان اچکزئی صوبائی جنرل سیکرٹری مابت کاکا ضلع چمن آرگنائزر صلاح الدین وطن یار ڈپٹی آرگنائزر عبدالخالق حتمل صوبائی کونسل ممبر خان امان اللہ خان اچکزئی کلیم اللہ حکمت یار مولوی اختر محمد نے شہیدانو کور مردہ کاریز چمن میں 18 نومبر چمن جلسہ (شہدا برسی) تیاری کے سلسلے میں ورکرز اجلاس کے شرکا سے خطاب کے دوران کیا مقررین نے کہا کہ فخر باچاخان ان شہیدوں کی لازوال قربانی کی بدولت صد سالہ سفر پورا کر رہا ہے حالات چاہئے جیسے بھی ہو قومی ننگ و ناموس پر کسی صورت سمجھوتہ نہیں کرینگے۔

شال بقیہ 26

سے محظوظ ہوئے عوام کی جانب سے صحتمندانہ تفریح کا موقع فراہم کرنے کے اس حکومتی اقدام کو سراہتے ہوئے وزیراعلیٰ بلوچستان سے اظہار تشکر کیا گیا ہے۔

شال بقیہ 27

کے ریلیف پیکیج کے تحت محکمہ زراعت کی جانب سے ضلع نصیر آباد کی سیلاب و بارشوں سے شدید متاثرہ زمینداروں کسانوں اور کاشتکاروں میں گندم کے بیج سیلاب اور بارشوں سے شدید متاثرہ زمینداروں میں تقسیم کو انتہائی شفافیت کے ساتھ یقینی بنا رہے ہیں۔ محکمانہ طریقہ کار اور صوبائی حکومت کی وضع کردہ پالیسیوں کے تحت کسی بھی کسان کاشتکار کو شکایات کا موقع نہیں دینگے انہوں نے بتایا کہ اس سلسلے میں ڈپٹی کمشنر نصیر آباد بھی ساری صورتحال کا جائزہ لے رہی ہے تاکہ متاثرہ اور متعلقہ لوگوں میں گندم کی بیج کی فراہمی کو بروقت یقینی بنایا جا سکے اس موقع پر نائب تحصیلدار صدورا خان ابڑو، پٹواری غلام مرتضیٰ بیچو، محکمہ زراعت کے مقبول احمد مینگل، سعید احمد گجر سمیت دیگر موجود تھے۔

شال بقیہ 28

متعلقہ افراد کو وقوعہ پر جانے سے روک رہے تھے جس جگہ دھماکا ہوا وہاں کافی تعداد میں راگیر موجود تھے اور یہ مصروف ترین علاقہ ہے۔ اب تک دھماکے میں متعدد افراد کے زخمی ہونے کی تصدیق ہوئی ہے اور تاہم استقبول کے گورنر نے اپنی ٹوئٹ میں بتایا کہ دھماکے میں بلاکتیں بھی ہوئی ہیں تاہم انھوں نے تعداد نہیں بتائی۔ غیر ملکی خبر رساں ایجنسی نے اطلاع دی کہ دھماکے میں بلاکتوں کی تعداد 5 ہو سکتی ہے۔ پولیس کے مطابق دھماکے کی تحقیقات کر رہے ہیں، اب تک دھماکے کے مواد اور نوعیت سے متعلق معلومات نہیں مل سکیں۔ پہلی ترجیح زخمیوں کو فوری طبی امداد کی فراہمی ہے۔ ترک صدر طیب اردوان نے دھماکے کی مذمت کرتے ہوئے زخمیوں کو طبی امداد کی فراہمی کو یقینی بنانے کی ہدایت کی ہے۔ ادھر استقبول کے گورنر علی یرلیکایا نے ٹوئٹر پر بتایا کہ دھماکے میں متعدد افراد جاں بحق ہوئے ہیں۔ انہوں نے کہا کہ ہماری پولیس، صحت، فائر بریگیڈ اور اے ایف اے ڈی کی ٹیموں کو جائے وقوع کی طرف بھیج دیا گیا ہے اور تفصیلات سے عوام کو آگاہ کر دیا جائے گا۔

شال بقیہ 29

صورتحال کی وجہ سے بیرون ملک تعلقات متاثر ہونے کا کیس ہے، یہ دورہ انتہائی اہم تھا، یہ کہنا مشکل ہے کہ اسے دوبارہ جلد ری شیڈول کیا جا سکے گا، اچھی پیشرفت نہیں۔

شال بقیہ 30

سلمان نے ایشیا کا دورہ ملتوی کیا ہے صرف پاکستان کا دورہ ملتوی نہیں کیا۔ انہوں نے کہا کہ دوسرے ممالک کے تجزیہ کار اپنے حکمرانوں کو رائے دے رہے ہیں اور ان کا تجزیہ یہ ہے کہ موجودہ حکمرانوں سے تعلق پاکستان کے عوام سے لاتعلقی کا اظہار ہوگا لہذا پاکستان سے لانگ ٹرم تعلقات میں دلچسپی رکھنے والا کوئی بھی ملک موجودہ حکمرانوں سے فاصلہ رکھے گا۔

شال بقیہ 31

کاغذات نامزدگی کی مدت ختم، میونسپل کمیٹی اور یونین کونسلز کے کل 98 مخصوص نشستوں پر 126 امیدواروں نے کاغذات نامزدگی جمع کرائیں ہیں جبکہ الیکشن 19 نشستوں پر کسی نے کاغذات نامزدگی جمع نہیں کرائیں میونسپل کمیٹی کے تین سیٹوں پر چھ نامزدگی فارم جمع ہوئے ہیں، یونین کونسلز کے 76 نشستوں پر 129 امیدواروں نے کاغذات نامزدگی جمع ہوئے ہیں۔

شال بقیہ 32

کیساتھ انٹرویو میں کہا کہ چینی مارکیٹ میں پاکستانی چیریوں کے داخلے کی منظوری سے پاکستان کی مقامی چیری انڈسٹری کی ترقی متوقع ہے۔ انہوں نے کہا کہ چین اور پاکستان چیری کے پودے لگانے کے علاقے کو بڑھانے، یونٹ کی پیداوار اور پھلوں کے معیار کو بہتر بنانے اور کولڈ ٹریٹمنٹ کی سہولیات کی تعمیر میں سرمایہ کاری کرنے کیلئے چینی ٹیکنالوجی متعارف کرانے کیلئے تعاون کر سکتے ہیں، جو نہ صرف چینی مارکیٹ کی مانگ کو پورا کرے گی۔ بلکہ پاکستان میں زرمبادلہ کی کمائی بھی لائیں۔ چائنہ اکنامک نیٹ کے مطابق 2019 سے متعلقہ چینی اور پاکستانی محکموں نے پاکستان سے چین کو تازہ چیریوں کی برآمد کیلئے خدشات کا تجزیہ شروع کیا ہے۔ دونوں فریقین قرنطینہ

PDM ملک میں آئین قانون اور پارلیمان کی بالادستی چاہتی ہے، عبدالواسع

دینی مدارس اسلام کے قلعے ہیں جو کہ اسلام کے پیغام کو دنیا کے کونے کونے میں پہنچا رہے ہیں، وفاقی وزیر

علماء کو امت کی رہنمائی کی ذمہ داری حضرت محمد نے سونپی ہے پاکستان کو اسلام کا قلعہ ہم ہی بنا کر رہے گے

لورالائی (این این آئی) جے یو آئی کے صوبائی امیر وفاقی وزیر ہاؤسنگ اینڈ ورکس مولانا عبدالواسع، نائب امیر ایم این اے مولانا کمال الدین، سیکرٹری مالیات خوث اللہ آغا، ایم پی اے عبدالواحد صدیقی، ایم پی اے اصغر علی ترین، ضلعی امیر وسابق صوبائی وزیر مولانا فیض اللہ ودیگر نے لورالائی میں تربیتی کنونشن سے خطاب کرتے ہوئے کہا کہ دینی مدارس اسلام کے قلعے ہیں جو کہ اسلام کے پیغام کو دنیا کے کونے کونے میں پہنچا رہے ہیں علماء کو امت کی رہنمائی کی ذمہ داری حضرت محمد نے سونپی ہے پاکستان کو اسلام کا قلعہ ہم ہی بنا کر رہے گے جے یو آئی سیاست کو عبادت کا درجہ دیتی ہے ملک کو جمہوریت کی پٹڑی سے اتارنے کی عمران خان کی سازش کو پی ڈی ایم ناکام بنا دیگی آرمی چیف کا تقرر آئین کے مطابق وزیر اعظم بقیہ نمبر 37 صفحہ 3 پر

کوئٹہ، بلوچستان عوامی پارٹی کے صوبائی صدر وسینئر صوبائی وزیر بلدیات سردار محمد صالح بھوتانی کی ہدایت پر قائم میڈیکل کیمپ میں ڈاکٹر مریضوں کا معائنہ کر رہے ہیں

آنے والا دور بلوچستان میں جمعیت علماء اسلام کا ہے

عمران خان کی سیاست فلاپ ہوگئی ہے، سردار یحییٰ خان ناصر

سنجاوی (این این آئی) جمعیت علماء اسلام کے مرکزی رہنما سابق صوبائی وزیر سردار یحییٰ خان ناصر نے اخباری بیان میں کہا ہے کہ ملک بھر خاص کر کے پی کے اور بلوچستان میں جمعیت علماء اسلام ناقابل تسخیر جماعت بن کر ابھرا ہے کے پی کے اور بلوچستان میں جوق در جوق سیاسی شخصیتوں سیاسی رہنماؤں مختلف جماعتوں کے کارکنوں کا جوق در جوق جمعیت علماء اسلام میں شامل ہونا انتہائی خوش آئند ہے، جمعیت علماء اسلام کی بدولت سودی نظام کا خاتمہ ہوگیا ہے، انشاء اللہ بقیہ نمبر 53 صفحہ 3 پر

قمبرانی روڈ کوئٹہ میں فری میڈیکل کیمپ کا انعقاد

کیمپ میں ڈاکٹروں کی ٹیم نے بمعہ ادویات علاقہ مکینوں کا مفت طبی معائنہ کیا

کوئٹہ (این این آئی) بلوچستان عوامی پارٹی کے صوبائی صدر وسینئر صوبائی وزیر بلدیات سردار محمد صالح بھوتانی کی کوششوں سے قمبرانی روڈ کوئٹہ میں فری میڈیکل کیمپ کا انعقاد کیا گیا۔ میڈیکل کیمپ میں ڈاکٹروں کی ٹیم نے بمعہ ادویات علاقہ مکینوں کا مفت طبی معائنہ کیا اور انہیں مختلف امراض کی ادویات فراہم کیں۔ اس موقع پر بلوچستان عوامی پارٹی کے رہنماء وزیر اعلیٰ کے پولیٹیکل سیکرٹری ملک خدا بخش لانگو، وزیر اعلیٰ کے کوارڈینیٹر عبدالفتاح جمالی، سینئر رہنماء بقیہ نمبر 56 صفحہ 3 پر

آواران، ڈپٹی کمشنر آواران جمعداد خان مندوخیل آواران میں زیر تعمیر عمارات کا جائزہ لے رہے ہیں

ملک کے ہم ایشو پر ہم آہنگی اور یکجہتی ملک کو بڑے بحران سے نکال سکتی ہے، عبدالقادر لونی

پارلیمنٹ ایک آزاد اور خود مختار ادارہ ہے اداروں کے مضبوطی کے لئے تمام پارلیمنٹرز کو اعتماد میں لینا، مولانا عبدالقادر لونی

کوئی قباحت نہیں اب اس درپیش بحرانی حالات میں ملک کو ایک قومی حکمت عملی اور ہم آہنگی کی ضرورت ہے

کوئٹہ (این این آئی) جمعیت علما اسلام نظریاتی پاکستان کے مرکزی سینئر نائب امیر مولانا عبدالقادر لونی مرکزی جنرل سیکرٹری مفتی شفیع الدین صوبائی امیر خیبر پختونخوا قاضی گل الرحمن کمال صوبائی امیر سندھ مولانا عزیز احمد شاہ امروٹی صوبائی امیر پنجاب مولانا شاہ اللہ فاروقی ودیگر نے کہا کہ ملک کے اہم ایشو پر اہم ہنگی اور یکجہتی ملک کو بڑے بحران سے نکال سکتی ہے انانیت نے ملک کو ہمیشہ بحرانوں اور مسائل سے دوچار کیا سیاسی جماعتوں اور اداروں کی تصادم سے ہمیشہ جمہوریت اور ملک کو نقصان پہنچا ہے انہوں نے کہا کہ پارلیمنٹ ایک آزاد اور خود مختار ادارہ ہے اداروں کے مضبوطی کے لئے تمام پارلیمنٹرز کو اعتماد میں لینا کوئی قباحت نہیں اب اس درپیش بحرانی حالات میں ملک کو ایک قومی حکمت عملی اور ہم آہنگی کی ضرورت بقیہ نمبر 38 صفحہ 3 پر

میلبرن میں فائنل سے قبل پاکستانی فینز نے شہر کو پاکستان کے رنگوں سے بھر دیا

میلبرن کے علاقے کارلٹن میں شام ہی سے پاکستانی فینز کا رش دیکھنے میں آیا

شائقین کرکٹ قومی ٹیم کی شرٹ میں ملبوس پھرتے رہے

میلبرن (این این آئی) میلبرن میں آئی سی سی ٹی ٹوئنٹی ورلڈ کپ کے فائنل سے قبل یہاں مقیم اور دنیا بھر سے فائنل دیکھنے کو آنے والے پاکستانی فینز نے آسٹریلوی شہر کو پاکستان کے رنگوں سے بھر دیا ہے۔ میلبرن کے علاقے کارلٹن میں شام ہی سے پاکستانی فینز کا رش دیکھنے میں آیا، شائقین کرکٹ قومی ٹیم کی شرٹ میں ملبوس پھرتے رہے، فینز ٹولیوں کی شکل میں جمع ہو کر پاکستان زندہ باد کے نعرے لگاتے، ملی نغمے گنگناتے نظر آئے۔ لیگون اسٹریٹ پر موجود پاکستانی بقیہ نمبر 58 صفحہ 3 پر

سبی، اللہ اکبر تحریک کے صوبائی امیر، ودیگر سبی میں کارکنان کے جلسے سے خطاب کر رہے ہیں

سودی نظام سے چھٹکارا اکابرین جمعیت کی مرہون منت ہے

قائد جمعیت کے جرتمندانہ موقف قابل تحسین ہے، محمد عمر غزنوی

منگچر (نامہ نگار) سودی نظام سے چھٹکارا اکابرین جمعیت کی مرہون منت ہے قائد جمعیت کے جرتمندانہ موقف قابل تحسین ہے محمد عمر غزنوی ان خیالات کا اظہار جمعیت علماء اسلام جوبان ترنک کے سرپرست سردار زادہ میر طارق جان لہڑی سرپرست حاجی محمد بلال بنگلوئی، امیر حاجی محمد عمر غزنوی ماسٹر عبدالباقی بنگلوئی ماسٹر عبدالکریم لہڑی حاجی عزیز محمد حافظ عبدالعزیز لہڑی بقیہ نمبر 60 صفحہ 3 پر

مستونگ میں پینے کا پانی نا ہونے کی وجہ سے عوام پریشان ہے، عوامی حلقے

کلی بارام شاہی، ٹینڈلان، کلی محمد شہی مستونگ شہر اور خواسام سمیت پورے شہر میں پانی ناپید ہوگیا ہے

کوئٹہ (آن لائن) مستونگ میں پینے کا پانی نا ہونے کی وجہ سے عوام پریشان ہے کلی بارام شاہی، ٹینڈلان، کلی محمد شہی مستونگ شہر اور خواسام سمیت پورے شہر میں پانی ناپید ہوگیا ہے جبکہ محکمہ پی ایچ ای کے آفیسران پینے کا پانی پرائیویٹ ٹینکروں کو فروخت کر کے عوام کو مہنگے داموں فراہم کر رہے ہیں، خواتین اور بچے دور دور سے پینے کے پانی کیلئے سرگرداں ہے ڈپٹی کمشنر بقیہ نمبر 61 صفحہ 3 پر

لورالائی، پولیس کی کاروائی مختلف علاقوں میں چھاپہ مار کر چوری ڈکیتی منشیات فروش ملزمان پولیس کی حراست میں

جمعیت علماء اسلام تمام اقوام کا مشترکہ اثاثہ ہے، مولانا عبدالرحمن رفیق

سیاسی شعور رکھنے والی شخصیات کی جوق در جوق جمعیت علماء اسلام میں شمولیت بیانیہ کی جیت ہے

سالہ تاریخ کی حامل جماعت ہی اسلام اور پاکستان کی بقاء کی جنگ لڑ رہی ہے

کوئٹہ (این این آئی) جمعیت علماء اسلام ضلع کوئٹہ کے امیر مولانا عبدالرحمن رفیق، سینئر نائب امیر مولانا خورشید احمد اور دیگر نے کہا ہے کہ سیاسی شعور رکھنے والی شخصیات کی جوق در جوق جمعیت علماء اسلام میں شمولیت بیانیہ کی جیت ہے، سو سالہ تاریخ کی حامل جماعت ہی اسلام اور پاکستان کی بقاء کی جنگ لڑ رہی ہے۔ دریں اثناء جمعیت علماء اسلام پاکستان مرکزی ڈپٹی جنرل سیکریٹری مفتی محمد روزی خان، جمعیت ضلع کوئٹہ کے جنرل سیکرٹری حاجی بشیر احمد کاکڑ صوبائی معاون بقیہ نمبر 51 صفحہ 3 پر

گوادر میں حق دو تحریک کی جانب سے مطالبات کے حق میں دھرنا جاری

مطالبات پر عملدرآمد ہونے تک دھرنا جاری رہے گا، مولانا ہدایت الرحمان

کوئٹہ (این این آئی) گوادر میں حق دو تحریک کی جانب سے مطالبات کے حق میں دھرنا جاری ہے، دھرنے کے شرکاء سے اظہار یکجہتی کیلئے بچوں نے ریلی نکالی اور یہ مطالبہ کیا کہ حق دو تحریک کے مطالبات پر عملدرآمد کیا جائے۔ حق دو تحریک کا مطالبات کے حق میں گوادر میں وائی چوک پر جاری دھرنا تحریک کے سربراہ مولانا ہدایت الرحمان کی قیادت میں جاری ہے، دھرنے کے شرکاء سے اظہار یکجہتی کیلئے بچوں نے گوادر کے علاقے پدی زر سے وائی چوک تک احتجاجی ریلی بقیہ نمبر 50 صفحہ 3 پر

بلوچستان کی تمام شاہراہیں ٹریفک کی آمدورفت کیلئے مکمل طور پر کھول دی گئیں ہیں

سیلاب زدگان کی بحالی کے لئے پاکستان آرمی، ایف سی بلوچستان اور سول انتظامیہ کی امدادی کارروائیاں جاری

کوئٹہ (این این آئی) سیلاب سے متاثرہ علاقوں میں پاکستان آرمی اور ایف سی بلوچستان، سول انتظامیہ کے ہمراہ سیلاب متاثرین کی ریلیف اور بحالی میں مصروف عمل ہیں۔ تفصیلات کے مطابق سیلاب زدہ علاقوں میں 3 ریلیف کیمپس فعال ہیں جہاں 1568 سیلاب زدگان کو پکا ہوا کھانا، راشن اور علاج معالجہ فراہم کیا جا رہا ہے۔ گزشتہ 24 گھنٹوں کے دوران سیلاب سے متاثرہ علاقوں میں پاکستان آرمی اور ایف سی بلوچستان کی جانب سے 1006 کھانے کے پیکٹس بقیہ نمبر 49 صفحہ 3 پر

فزیوتھراپی جدید سائنس کا ایک اہم حصہ ہے، رحمت صالح بلوچ

صحت مند اور تندرست زندگی کو برقرار رکھنے میں اہم کردار ادا کرتا ہے

بلیگور (آن لائن) نیشنل پارٹی کے صوبائی صدر میر رحمت صالح بلوچ نے جاری بیان میں فزیو تھراپسٹ کے حوالے سے صوبائی حکومت کی بے حسی وغیر سنجیدگی پر شدید حیرت کا اظہار کرتے ہوئے کہا کہ فزیو تھراپسٹ نے حکومت کی لاتعلقی وغیر سنجیدگی کو دیکھتے ہوئے تادم مرگ بھوک ہڑتال اختیار کی کہ شاید اس بےحس حکومت کو سماج کے باشعور طبقہ کے زندگیوں کی فکر ہو اور وہ آکر ان کو گلے لگا کر مطالبات کو تسلیم کریگے۔ لیکن افسوس کہ تادم مرگ بھوک ہڑتال پر بیٹھے اراکین بقیہ نمبر 48 صفحہ 3 پر

لورالائی پولیس کی مختلف کارروائیاں، دو چور گرفتار

چوری شدہ سامان اور 423 کلو چرس برآمد کر کے اسلحہ قبضے میں لے لیا گیا

لورالائی (این این آئی) لورالائی پولیس نے مختلف کارروائیوں میں دو چوروں کو گرفتار کر لیا، چوری شدہ سامان اور 423 کلو چرس برآمد کر کے اسلحہ قبضے میں لے لیا گیا۔ پولیس کے مطابق ڈپٹی انسپکٹر جنرل آف پولیس لورالائی ریچ ملک محمد سلیم لہڑی کی ہدایات پر ایس ایس پی لورالائی آصف فراز مستوئی کے احکامات پر ایس ڈی پی او سردار نصر اللہ خان حزانزئی کی زیر نگرانی لورالائی پولیس نے اور ای ایس لورالائی مختلف کارروائیاں کی ایس ایچ او لورالائی محمد عارف باتوزئی بقیہ نمبر 47 صفحہ 3 پر

صوبہ بلوچستان میں زراعت کے شعبے میں انقلابی اقدامات ہو رہے ہیں، عبدالقدوس اچکزئی

زراعت ایک اہم شعبہ ہے ملک کے ترقی میں زراعت کا شعبہ اہم کردار ادا کرتا ہیں

خاران (نمائندہ خصوصی) ڈپٹی کمشنر واشک عبدالقدوس اچکزئی نے کہا کہ حکومت بلوچستان سیلاب سے متاثرہ زمینداروں کو کاشتکاری کے لئے مفت گندم کے بیج تقسیم کرنے کا مقصد زمیندار اپنے پاؤں پر کھڑے ہو سکیں اس سلسلے میں بلوچستان کے دیگر سیلاب سے متاثرہ اضلاع کی طرح ضلع واشک کے زمینداروں میں مفت کاشتکاری کے کئے گندم کے بیج فراہم کی جاری ہیں ان خیالات کا اظہار انھوں نے سب تحصیل شاہوگیڑی کے بقیہ نمبر 46 صفحہ 3 پر

عوام موجودہ سیاسی قیادت سے مایوس ہو چکی ہے، سلیم جان مندوخیل

انشاء اللہ عوامی طاقت کے بل بوتے اس شہر کی قسمت تبدیل ہونے کو ہے

ژوب کی عوام کو طویل عرصے سے زندگی کی بنیادی سہولیات سے محروم رکھا گیا ہے

ژوب (این این آئی) علاؤالدین کاروان کے زیر اہتمام علاؤالدین مندوخیل ہاؤس میں ایک پروقار تعارفی اجلاس کا انعقاد ہوا۔ جس میں علاؤالدین کاروان کے تمام یونٹوں کے نمائندگان نے کثیر تعداد میں شرکت کی۔ اجلاس کا باقاعدہ آغاز تلاوت کلام پاک سے ہوا۔ اجلاس سے علاؤالدین کاروان کے ضلعی صدر سلیم جان مندوخیل، نائب صدر عبدالمالک مندوخیل، محمد یار مندوخیل، گلستان خان، ملک نور محمد لعون محمد انور عرف بھٹہ، عبدالغنی مردانزئی اور نذیر مندوخیل زکریا فریادی ودیگر نے خطاب کرتے ہوئے کہا کہ شہر کو اندھیروں سے نکالنے کے لئے علاؤالدین مندوخیل جیسے مخلص قیادت کا انتخاب اس شہر کے لئے ناگزیر ہو چکا ہے۔ ژوب شہر طویل عرصے سے ایک مخلص قیادت سے محروم ہے۔ شہر میں ہسپتال اور ایجوکیشن سمیت دیگر محکمے شدید تباہی کا شکار بقیہ نمبر 45 صفحہ 3 پر

پشتونخوا ملی عوامی پارٹی اور پشتونخوا اسٹوڈنٹس آرگنائزیشن ضلع ژوب کا مشترکہ مشاورتی اجلاس

ژوب (آن لائن) پشتونخوا ملی عوامی پارٹی اور پشتونخوا اسٹوڈنٹس آرگنائزیشن ضلع ژوب کا مشترکہ مشاورتی اجلاس پارٹی کے مرکزی کمیٹی کے رکن الیاس لالا کی زیر صدارت منعقد ہوا، اجلاس سے جمال صاحب، اعظم کاکڑ، بقیہ نمبر 51 صفحہ 3 پر

مجیب الرحمن بلوچ ایڈووکیٹ کا لسبیلہ بار کی نئی کابینہ کو مبارکباد

حب (نمائندہ خصوصی) لسبیلہ ڈسٹرکٹ بار ایسوسی ایشن کے صدر مجیب الرحمن بلوچ ایڈووکیٹ، جنرل سکریٹری الٰہی بخش مینگل ایڈووکیٹ اور کابینہ نے لسبیلہ بار کی نئی کابینہ کے صدر ایڈووکیٹ محمد اقبال جاموٹ، جنرل سکریٹری آفتاب شیخ ایڈووکیٹ اور کابینہ کو دل اتھاہ گہرائیوں سے الیکٹ ہونے پر مبارکباد پیش کی ہے اور امید کی ہے کہ اقبال جاموٹ اور بقیہ نمبر 54 صفحہ 3 پر

سردار یعقوب خان ناصر کا ڈپٹی کمشنر لورالائی جمیل احمد رند کی شہادت پر اظہار افسوس

لورالائی (این این آئی) پاکستان مسلم لیگ (ن) کے سینئر مرکزی نائب صدر سابق وفاقی وزیر سردار یعقوب خان ناصر نے ڈپٹی کمشنر لورالائی جمیل احمد رند کی کوئٹہ ٹریفک حادثے میں ناگہانی شہادت پر دکھ اور افسوس کا اظہار کرتے ہوئے مرحوم کے لئے دعا مغفرت اور ورثاء سے تعزیت کا اظہار کرتے ہوئے کہا کہ بلوچستان کے بقیہ نمبر 55 صفحہ 3 پر

حاجی شاہ کاکڑ کی قیادت سرکٹ ہاؤس سے پاکستان زندہ باد ریلی نکالی گئی

ژوب (نامہ نگار) بلوچستان عوامی پارٹی کے ضلعی صدر حاجی شاہ کاکڑ کی قیادت سرکٹ ہاؤس سے پاکستان زندہ باد ریلی نکالی گئی ریلی کے شرکاء نے شہر کے مختلف شاہراہوں پر مارچ کی جس میں ہزاروں کی تعداد لوگوں نے شرکت کی شرکاء نے پاکستان زندہ باد پاک فوج زندہ باد اور حاجی مضا خان کاکڑ شاہ زمان کاکڑ کے زندہ باد کے نعرے لگائے بعدازاں سرکٹ ہاؤس میں ایک جلسہ عام میں تبدیل ہوا شرکاء سے خطاب کرتے ہوئے 2023 جنرل الیکشن بقیہ نمبر 57 صفحہ 3 پر

جعفر آباد پولیس تھانہ سٹی اوستہ محمد نے کامیاب کارروائیاں

اوستہ محمد (آن لائن) جعفر آباد پولیس تھانہ سٹی اوستہ محمد نے کامیاب کارروائیاں کرتے ہوئے ملزم کو گرفتار کر کے چرس برآمد کر لیا ہے۔ تفصیلات کے مطابق انسپکٹر جنرل آف پولیس بلوچستان وڈی آئی جی نصیر آباد ریچ عبدالحی عامر بلوچ کی خصوصی ہدایات پر ایس ایس پی جعفر آباد محمد جواد طارق کے احکامات پر عملدرآمد کرتے ہوئے سب انسپکٹر محمد علی جمالی ایس ایچ او پولیس تھانہ سٹی اوستہ محمد معلوم نوریز ولد منظور احمد قوم پال ساکن بابا کوٹ کو گرفتار کر کے اسکے قبضے سے 1300 بقیہ نمبر 59 صفحہ 3 پر

ونڈر، رانا بھٹ میں کیچن بپھر گئے مین قومی شاہراہ بلاک گاڑیوں کی طویل لمبی قطاریں لگ گئیں

ونڈر (آن لائن) ونڈر، رانا بھٹ میں کیچن بپھر گئے مین قومی شاہراہ بلاک گاڑیوں کی طویل لمبی قطاریں لگ گئیں جبکہ ہزاروں مسافر پھنس گئے کراچی کا اندرون بلوچستان سے زمینی رابطہ منقطع ہوگیا ونڈر پولیس اسٹیشن کے ایس آئی سخی داد کا مظاہرین کے ساتھ کامیاب مذاکرات روڈ کو ہر قسم کی ٹریفک کے لئے کھول دیا گیا تفصیلات کے مطابق ونڈر کے علاقے رانا بھٹ کے قریبی گوٹھوں علیکو بلوچ اور خیر محمد شیخ گوٹھ کے مکینوں نے ان گوٹھوں کے قریب دو اشخاص بقیہ نمبر 62 صفحہ 3 پر

چمن پاک افغان بارڈر پر افغان جانب سے فائرنگ ایک ایف سی اہلکار شہید 2 زخمی

واقعہ کے بعد باب دوستی تجارت اور پیدل آمدورفت کے لیے بند کر دیا گیا، مال بردار ٹرک اور شہری پھنس گئے

پاک افغان سرحد چمن پر غیر قانونی طور پر بارڈر کراس کرنے کی کوشش کرنے والے افراد اور سیکورٹی فورسز میں فائرنگ کا تبادلہ ایک اہلکار شہید دو زخمی

چمن (این این آئی) چمن میں پاک افغان بارڈر باب دوستی پر افغان حدود سے ہونے والی فائرنگ کے باعث ایک ایف سی اہلکار شہید اور 2 زخمی ہو گئے۔ لیویز حکام کے مطابق فائرنگ کے بعد پاک افغان سیکورٹی اہلکاروں میں فائرنگ کا تبادلہ ہوا، فائرنگ کے دوران باب دوستی سے آنے جانے والے پیدل شہریوں میں بھگدڑ مچ گئی۔ لیویز حکام کے مطابق پاکستانی حکام نے فائر بندی کے لیے افغان حکام سے رابطہ کیا ہے، واقعہ کے بعد باب دوستی تجارت اور پیدل آمدورفت کے لیے بند کر دیا گیا ہے، جس سے سرحد کی دونوں جانب مال بردار ٹرک اور شہری پھنس گئے ہیں۔ لیویز حکام کے مطابق باب دوستی پر پاکستان اور افغان حکام کے درمیان فلیگ میٹنگ ہوئی ہے جس میں کہا گیا کہ حملہ آوروں کی حوالگی تک باب بقیہ نمبر 36 صفحہ 3 پر

لورالائی، جے یو آئی کے صوبائی امیر وفاقی وزیر ہاؤسنگ اینڈ ورکس مولانا عبدالواسع تربیتی کنونشن سے خطاب کر رہے ہیں

آفیسر عبداللہ جان کی زیر نگرانی میں خاران ڈسٹرکٹ میں دو روزہ فری میڈیکل کیمپ کا انعقاد

خاران (نمائندہ خصوصی) محکمہ بہبود آبادی خاران کے آفیسر عبداللہ جان کی زیر نگرانی میں خاران ڈسٹرکٹ میں دو روزہ فری میڈیکل کیمپ کا انعقاد کیا گیا فری میڈیکل کیمپ میں ایف ٹی او ڈاکٹر سنوورہ۔ ایس ایم لیاقت بقیہ نمبر 42 صفحہ 3 پر

ہم ٹرانسپورٹ یونین اس ہڑتال کی صرف حمایت کرتے ہیں، اشراف الدین کاکڑ

ژوب (نامہ نگار) ٹرانسپورٹ یونین ژوب کے ڈیژون صدر اشراف الدین کاکڑ اور ضلعی صدر ملک ظاہر خان نے مشترکہ بیان میں کہا کہ 31 اکتوبر کو مزی قوم نے آڈے کے بارے میں کوئٹہ روڈ نیو آڈہ پر جو پہیہ جام ہڑتال کیا تھا، ہم ٹرانسپورٹ یونین اس ہڑتال کی صرف حمایت کرتے ہیں۔ بلکہ ہم ان کے ساتھ کھڑے ہیں، اور ہڑتال کے دن ڈیژون صدر اشراف الدین کاکڑ ضلعی بقیہ نمبر 43 صفحہ 3 پر

مستونگ لیویز کے عملے نے منشیات فروشوں کے خلاف کارروائی

کوئٹہ (آن لائن) مستونگ لیویز کے عملے نے منشیات فروشوں کے خلاف کارروائی کرتے ہوئے بھاری مقدار میں چرس برآمد کر کے موٹر سائیکل قبضے میں لے لی تفصیلات کے مطابق ڈپٹی کمشنر مستونگ یاسر اقبال اسسٹنٹ کمشنر برکت بلوچ کی ہدایت پر لیویز کے عملے نے گزشتہ شب ایک موٹر سائیکل سوار کو رکنے کا اشارہ کیا تو ملزم نے لنک روڈ پر فرار ہونے کی کوشش کی اور بقیہ نمبر 44 صفحہ 3 پر

بلدیاتی انتخابات دوسرے مرحلے کیلئے کاغذات نامزدگی کی مدت ختم

یونین کونسلز کے 76 نشستوں پر 129 امیدواروں نے کاغذات نامزدگی جمع ہوئے ہیں

شیرانی (این این آئی) بلدیاتی انتخابات دوسرے مرحلے میں ایک یونین کونسل پر پشتونخوا میپ، ایک پر جمعیت علماء اسلام اور ایک یونین کونسل پر شوری پینل کے امیدواروں کے مقابلے میں کسی نے کاغذات نامزدگی جمع نہیں کرائیں۔ بلدیاتی انتخابات دوسرے مرحلے کے لئے کاغذات نامزدگی کی مدت ختم، میونسپل کمیٹی اور یونین کونسلز کے کل 98 مخصوص نشستوں پر 126 امیدواروں نے کاغذات نامزدگی جمع کرائیں ہیں جبکہ اقلیتی 19 نشستوں پر کسی نے بقیہ نمبر 41 صفحہ 3 پر

لوگ نیشنل پارٹی میں شمولیت اختیار کر رہے ہیں، مخدوم ایوب قریشی

شہید ڈاکٹر یاسین باصول سیاستدان تھے، نائب صدر نیشنل پارٹی

کوئٹہ (این این آئی) شہید ڈاکٹر یاسین بلوچ کی برسی کے موقع پر منعقد ہونے والے جلسہ عام میں شرکت کرنے کے لئے نیشنل پارٹی سندھ کا وفد تربت پہنچ گیا۔ وفد میں نیشنل پارٹی کے مرکزی نائب صدر مخدوم ایوب قریشی اور سندھ وحدت کے جنرل سیکرٹری مجید ساجدی شامل ہیں۔ تربت میں وفد کے ارکان کا خیر مقدم مرکزی سیکریٹری جنرل جان محمد بلیدی، محمد جان دشتی، پروفیسر عبدالحمید اور فدا جان بلیدی ٹیکیا وفد کے ارکان نے نیشنل پارٹی ضلع کیچ کے سیکریٹریٹ میں مرکزی بقیہ نمبر 40 صفحہ 3 پر

کوئٹہ، سماجی رہنما کاشف حیدری بلوچستان کمیونٹی سکولز ٹیچرز ایسوسی ایشن کے کیمپ میں اظہار یکجہتی کر رہے ہیں

گیس، بجلی لوڈشیڈنگ اور پانی کی قلت حکمرانوں کی ناکامی نااہلی کا ثبوت ہے، عبدالحق ہاشمی

سب کچھ نااہل ناکام حکمرانوں، منتخب نمائندوں اور ان کے سربراہوں کی وجہ سے ہے، امیر جماعت اسلامی بلوچستان

عوام دیانت دار دین دار لوگوں کا ساتھ دیکر عدل وانصاف کے اسلامی حکومت کیلئے جماعت اسلامی کا ساتھ دیں

کوئٹہ (این این آئی) امیر جماعت اسلامی بلوچستان مولانا عبدالحق ہاشمی نے کہا کہ سردی شروع ہونے کیساتھ ہی گیس کا غائب ہونا، بجلی لوڈشیڈنگ اور پانی کی قلت حکمرانوں کی ناکامی نااہلی کا ثبوت ہے، سب کچھ نااہل ناکام حکمرانوں، منتخب نمائندوں اور ان کے سربراہوں کی وجہ سے ہے عوام دیانت دار دین دار لوگوں کا ساتھ دیکر عدل وانصاف کے اسلامی حکومت کیلئے جماعت اسلامی کا ساتھ دیں جماعت اسلامی بدعنوانی موروثیت فرقہ واریت سے پاک حقیقی دینی جمہوری پارٹی ہے، دینی مدارس میں تفرقہ، فرقہ واریت لسانیت کے خلاف اور تعلیم کے فروغ، طلباء کی خدمات میں جمعیت طلباء عربیہ کا بہترین کردار ہے، رابطہ طلباء مہم کی کامیابی مدارس وعلمائے کرام کی کامیابی ہے۔ ان خیالات کا اظہار انہوں نے منتظم جمعیت بقیہ نمبر 39 صفحہ 3 پر

کوئٹہ، رائل بولان کالج آف نرسنگ اینڈ ہیلتھ سائنسز کے تقریب سے پاکستان مسلم لیگ کے رہنماء سابق صوبائی وزیر شیخ جعفر خان مندوخیل، نذر بڑیچ اور اویس خان بڑیچ خطاب کر رہے ہیں

عمران خان نے اپنے بیٹوں کے ہمراہ پاک، انگلینڈ فائنل میچ دیکھا، ولید اقبال

پارٹی چیئرمین نے تمام سینیٹرز کو اعظم سواتی سے بدسلوکی کی ویڈیوز پر اظہار یکجہتی کا حکم دیا ہے، گفتگو

لاہور (این این آئی) پاکستان تحریک انصاف کے مرکزی رہنما سینیٹر ولید اقبال نے کہا ہے کہ عمران خان نے اپنی رہائشگاہ پر اپنے بیٹوں کے ساتھ پاکستان اور انگلینڈ کے درمیان فائنل میچ دیکھا۔ ولید اقبال نے کہا کہ عمران خان نے فائنل میچ کی وجہ سے کوئی ملاقات نہیں کی۔ انہوں نے مزید کہا کہ عمران خان نے پارٹی کے تمام سینیٹرز کو اعظم سواتی سے بدسلوکی کی ویڈیوز پر اظہار یکجہتی کا حکم دیا ہے، اعظم سواتی کے معاملے پر سپریم کورٹ جائیں گے۔ انہوں نے مزید کہا کہ آئین و قانون کے مطابق اعظم سواتی کو انصاف دیا جائے، ان پر تشدد میں ملوث لوگوں کو سزا دی جائے۔

جمعیت علمائے اسلام تحصیل بسیمہ کے مجلس عمومی کا اجلاس

واشک (آن لائن) جمعیت علمائے اسلام تحصیل بسیمہ کے مجلس عمومی کا اجلاس زیر نگرانی ضلعی سرپرست مولانا محمد یعقوب اور زیر صدارت تحصیل امیر میر خدا رحیم عیسیٰ زئی مدرسہ خیر المدارس گرین ٹان بسیمہ میں منعقد ہوا اجلاس میں جنرل سیکرٹری کے انتخاب عمل میں لایا گیا بھاری اکثریت سے اراکین عمومی نے حافظ د بقیہ نمبر 68 صفحہ 3 پر

آواران میں (آج) زمینداروں میں کاشتکاری کیلئے مفت بیج فراہمی کا آغاز کر دیا جائیگا

ڈپٹی کمشنر آواران نے منصفانہ انداز میں بیج تقسیم کرنے کی سخت ہدایات جاری کر دیئے

آواران (این این آئی) حکومت بلوچستان کی جانب سے سیلاب کے نقصانات کے ازالے کی خاطر زمینداروں کو ربیع فصل کے لئے مفت بیج فراہم کی جاری ہے، اس سلسلے میں ضلع آواران میں (آج) 14 نومبر پیر سے زمینداروں میں مفت بیج کی فراہمی شروع کر دی جائیگی، ضلع آواران کے زمینداروں کے لئے بیج کے 4500 تھیلوں پر مشتمل کیمپ آج ہی ضلع آواران پہنچا دیا گیا ہے۔ جنہیں متعلقہ تحصیلوں کے ڈسٹریبوشن کمیٹیز کے ارکان نے وصول کر دیا۔ بقیہ نمبر 67 صفحہ 3 پر

ترقیاتی اسکیموں کے حوالے سے کوئی سمجھوتہ نہیں کیا جائے گا، طارق الرحمن بلوچ

زیر تعمیر ترقیاتی اسکیموں کو معیار کے مطابق مقررہ مدت کے دوران مکمل کیا جائے

خاران (خ ن / نمائندہ خصوصی) کمشنر رخشان ڈویژن طارق الرحمن بلوچ نے کہا کہ ترقیاتی اسکیموں کے حوالے سے کوئی سمجھوتہ نہیں کیا جائے گا زیر تعمیر ترقیاتی اسکیموں کو معیار کے مطابق مقررہ مدت کے دوران مکمل کیا جائے ان خیالات کا اظہار انھوں نے خاران میں زیر تعمیر مختلف ترقیاتی اسکیموں کے معائنہ کے دوران کیا اس موقع پر اسکیمین تعمیرات و مواصلات عادل نصیر بلوئی نے جاری زیر تعمیر ترقیاتی اسکیموں کے بارے میں بریفنگ دی اس موقع پر ایس ڈی او غلام رسول بلوچ سب انجینئر شاہنواز صالح ٹوندائی ودیگر متعلقہ آفیسران بھی موجود تھے کمشنر رخشان ڈویژن طارق الرحمن بلوچ نے زیر تعمیر ترقیاتی اسکیموں بقیہ نمبر 66 صفحہ 3 پر

بسیمہ سونے کی انڈے دینے والی چڑیا بن گیا ہے، نعیم بلوچ

جو انتظامی افیسر یہاں تعینات ہوتا ہے وہ